

روزانہ روحانی مطالعہ
شمارہ 2
اپریل – مئی – جون
2023
GoodNews
DAILY FOR KIDS
URDU
مفت
فروخت نہ کیا جائے
اس روحانی مطالعہ کی قیمت کی پیشگی ادائیگی ہمارے شراکت داروں کی طرف سے کی جا چکی ہے تاکہ اسے مفت تقسیم کیا جا سکے۔
وہ خوشخبری جو دور کے ملک سے آئے ایسی ہے جیسے تھکے ماندہ کی جان کے لیے ٹھنڈا پانی- (امثال 25:25)
Uebert & BeBe
ANGEL



## UEBERT & BEBE ANGEL

دنیا بھر میں، اسپرٹ ایمبیسی (دی گڈ نیوز چرچ) کے بانی، نبی یوبرٹ اور بی بی اینجل آپ کے لیے روزنامہ خوشخبری بچوں کا کلام لانے کیلئے پرجوش ہیں۔

ہر دن کیلئے خُدا کے کلام کو بہت مزے دار بناتا ہے! ہم نے یقینی بنایا ہے کہ ہر سبق پڑھنے اور سمجھنے میں آسان ہو۔

بچوں کی حوصلہ افزائی ہو گی جب وہ ہر روز اپنی زندگی میں نبوتی اقرار پڑھیں اور بولیں گے۔ یہ کلام چھوٹے بچوں کو مزید مطالعے اور نوٹس سیکشن، جہاں وہ اپنے خیالات محفوظ کر سکتے ہیں، کے ذریعے خدا کیساتھ غوروفکر کا وقت گزارنے کی ترغیب دیتی ہے۔ مسیحی عقیدے کی جڑیں ان کے نرم دلوں میں مزید گہرائی تک جائیں گی جب وہ روحانی طور پر بڑھیں گے اور اپنے ابتدائی سالوں میں خدا کے فضل کی خوشخبری کو سمجھیں گے۔



**آعمال 2: 38**

**پطرؔس نے اُن سے کہا کہ تَوبہ کرو اور تُم میں سے ہر ایک اپنے گُناہوں کی مُعافی کے لِئے یِسُوعؔ مسِیح کے نام پر بپتِسمہ لے تو تُم رُوحُ القُدس اِنعام میں پاؤ گے۔**

آج ہمارے پاس اچھی خبر ہے، میرا مطلب ہے واقعی اچھی خبر! کیا آپ نےکبھی سوچا ہےکہ جب آپ مسیح کی زندگی پاتے ہیں توخُدا گناہ کیساتھ کیسا سلوک کرتا ہے؟ شاید آپ حیران ہونگےکہ جب ایسا ہوتا ہےتو خدا آپکو معاف نہیں کرتا! ہاں، یہ درست ہے! وہ تمہیں معاف نہیں کرتا !

گناہوں کی معافی کامطلب یہ ہےکہ خدا گناہ کیساتھ ایسا سلوک کرتا ہے جیسےکہ یہ آپکی زندگی میں پہلےکبھی موجود ہی نہیں تھا۔ دوسرے لفظوں میں، وہ آپکو دیکھتا ہے، اور گناہ کہیں نہیں ملتا! میں آپ بچوں کےبارے میں نہیں جانتا، لیکن یہ خوشی سےچلانےکی بات ہے! یسوع نےگناہ کیساتھ نمٹ لیا ہے، اس لیےاسےوہیں چھوڑ دیں جہاں سےاس کا تعلق ہے !

## نبوتی اقرار

**میری زندگی میں گناہ سےنمٹ لیا گیا ہے۔ میں طاقت میں چلتا ہوں اور میں فتح میں چلتا ہوں! ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

آعمال 2: 39-36



**آعمال 1: 3**

**اُس نے دُکھ سہنے کے بعد بُہت سے ثبُوتوں سے اپنے آپ کو اُن پر زِندہ ظاہِر بھی کِیا۔ چُنانچہ وہ چالِیس دِن تک اُنہیں نظر آتا اور خُدا کی بادشاہی کی باتیں کہتا رہا۔**

بعض اوقات لوگ ایسٹر کےبارےمیں اداسی کیساتھ بات کرسکتےہیں، ”گڈ فرائیڈے“ کو خوفناک دن کےطورپر دیکھتےہیں جس میں یسوع نے دکھ اٹھائے اور اس کی موت ہوئی۔ اس آیت میں حیران کرنے والی بات یہ ہے کہ یہ کہتی ہے، ” اُس نے دُکھ سہنے کے بعد بُہت سے ثبُوتوں سے اپنے آپ کو اُن (یسوع کے شاگردوں) پر زِندہ ظاہِر بھی کِیا۔“

بچو، ایسٹر کی کہانی ایک کہانی سے زیادہ ہے۔ یہ اس دن ختم نہیں ہوا تھا جس دن یسوع کو مصلوب کیا گیا تھا۔ اپنی موت کے چالیس دن بعد، اس نے کئی طریقوں سے ثابت کیا کہ وہ زندہ ہے۔ وہ آج بھی زندہ ہے! جلال، ہیلیلویاہ!!!!! بلند فتح کی آواز میں خداوند کی تعریف کرو !

## نبوتی اقرار

**یسوع نے ثابت کیا کہ وہ زندہ تھا اور وہ آج بھی زندہ ہے! ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

آعمال 1: 3-1



**آعمال 1: 8**

**لیکن جب رُوحُ القُدس تُم پر نازِل ہو گا تو تُم قُوّت پاؤ گے اور یروشلِیم اور تمام یہُودیہ اور سامرؔیہ میں بلکہ زمِین کی اِنتہا تک میرے گواہ ہو گے۔**

جب آپ لائٹ سوئچ آن کرتے ہیں، تو آپ چمکتی ہوئی روشنی کو بجلی کہہ سکتے ہیں، لیکن بجلی وہ قوت ہے جو تاروں کے ذریعے چلتی ہے جس کی وجہ سے روشنی کا بلب چمکتا ہے۔ خدا نے اپنے بچوں کو روح القدس کی قوت (طاقت) دی ہے !

اگر آپ خدا کے بیٹے یا بیٹی ہیں تو آپ اپنے اندر خدا کی روح القدس کی قوت رکھتے ہیں۔ آپ یہ قوت اپنے خاندان، دوستوں اور ان لوگوں کو دکھا سکتے ہیں جنہیں آپ نہیں جانتے کیونکہ آپ جہاں بھی جائیں خدا کے گواہ ہیں! آج اپنی خدا کی عطا کردہ قوت میں چلیں !

## نبوتی اقرار

**روح القدس کی قوت میری رگوں میں دوڑ رہی ہے۔ میں ایک چلنے پھرنے والا پاور ہاؤس ہوں !**

## مزید مطالعہ

آعمال 1: 8-4



**اِفِسیوں 5: 30**

**۔۔۔ اِس لِئے کہ ہم اُس کے بدن کے عُضو ہیں۔**

بچو، کیا آپ ایسٹر کے بارے میں کچھ حیران کن جاننا چاہتے ہیں؟ خُدا کے بچے کےطورپر، آپ مسیح کے جسم کا حصہ بن چکے ہیں۔ آپ حقیقت میں مسیح کے بدن کے عضو بن گئے ہیں۔
اپنے بدن (جسم) کے بارے میں سوچیں: آپ کے کان، آنکھیں، بال اور دانت ہیں۔

مسیح میں، آپ اس کی آنکھیں، کان، بال اور دانت ہیں۔ جب آپ چلتے ہیں، یہ مسیح ہے جو چل رہا ہے!!! جب آپ بولتے ہیں تو یہ یسوع ہی ہے جو بول رہا ہے۔ یہ تقریبا ناقابل یقین حد تک اچھا ہے! اس ایسٹر پر غوروفکر کریں کہ آپ مسیح میں کون ہیں۔ جان لیں کہ یسوع کی موت اور دوبارہ زندہ ہونے نے آپکو یہ نئی شناخت دی ہے !

## نبوتی اقرار

**جب میں چلتا ہوں تو یہ مسیح چل رہا ہے۔ جب میں بات کرتا ہوں، یہ یسوع بات کر رہا ہے! میں اس کے جسم، اس کے گوشت اور اس کی ہڈیوں کا ایک حصہ ہوں۔**

## مزید مطالعہ

1 - کُرِنتھِیوں 12: 27



**2 – کُرِنتھِیوں 5: 17**

**اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چِیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔**

ایسٹر خُدا کے بچے کے لیے ایک شاندار وقت ہے کیونکہ یہ ہمیں اُس بالکل نئی شناخت کی یاد دلاتا ہے جو مسیح نے ہمیں دی ہے۔ آج ہماری بائبل کی آیت میں، ہمیں بتایا گیا ہے کہ اگر کوئی مسیح کا ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔

آپ مسیح کی موت کا سبب نہیں ہیں۔ بلکہ، آپ اس کے جی اٹھنے کی پیداوار ہیں - جلال! آپ کا کوئی پرانا وجود نہیں ہے کیونکہ آپ کا نیا وجود پہلے کبھی موجود نہیں تھا۔ یہ خوشی سے چلانے کا مقام ہے! آج اس سوچ کی حقیقت میں چلیں !

## نبوتی اقرار

**میں مسیح کی موت کا سبب نہیں ہوں۔ میں اس کے جی اٹھنے کی پیداوار ہوں۔ میں ایک نئی مخلوق ہوں، اور میں پہلے کبھی موجود نہیں تھا۔ ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

گلتِیوں 2: 20



**اِفسیوں 5: 18**

**اور شراب میں متوالے نہ بنو کیونکہ اِس سے بدچلنی واقِع ہوتی ہے بلکہ رُوح سے معمُور ہوتے جاؤ۔**

جب آپ کوڑا کرکٹ ری سائیکلنگ کیلئےکوڑے دان میں ڈالتےہیں، تو آپ جانتےہیں کہ اسے استعمال کیا جائےگا تاکہ پراسیس ہونےکےبعد، خام مال کو دوبارہ استعمال کیا جا سکے۔ آپ نےیہ جملہ سنا ہوگا، "اس نے اپنی جان مسیح کو دے دی"۔ اگرچہ یہ سچ لگتا ہے، یہ سچ میں غلط ہے !

جب آپ دوبارہ پیدا ہوتے ہیں، تو آپ بالکل نئی قِسم بن جاتےہیں جو پہلےکبھی موجود نہیں تھی۔ مسیح آپکی پرانی زندگی کو ری سائیکل نہیں کرتا، لیکن وہ اسےاپنی زندگی سےبدل دیتا ہے! آپ اپنےاندر خدا کو رکھتےہیں۔ اس لیےآپکو روح القدس سےبھرا ہونا چاہیےتاکہ خُدا آپکی مکمل طورپر راہنمائی کرسکے! آج روح سےبھرجائیں !

## نبوتی اقرار

**خدا نے میری زندگی کو اپنی زندگی سے بدل دیا ہے۔ میں اس کے جسم کا حصہ ہوں اورجہاں بھی جاتا ہوں، میں حرکت میں مسیح ہوں۔ میں خود کو مکمل طور پر اس کے حوالے کرتا ہوں، ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

2 – کُرِنتھِیوں 5: 17



**رُومِیوں 6: 18**
**اور گُناہ سے آزاد ہو کر راست بازی کے غُلام ہو گئے۔**

تصور کریں کہ آپ کسی دکان پر گئے اور اپنی چیز کو کاؤنٹر پر لیکر گئے۔ کیش باکس پر موجود شخص کہتا ہے، ”اس چیز کی ادائیگی پہلے ہی ہو چکی ہے۔ آپ جا سکتے ہیں۔“ آپ کیا کہیں گے؟ کیا آپ اس چیز کے لیے دوبارہ ادائیگی کرنے کی کوشش کریں گے، حالانکہ اس کی ادائیگی پہلے ہی کر دی گئی ہے؟

یسوع مسیح نے ایک ساتھ ہمیشہ کیلئے گناہ کی فطرت سےنمٹ لیا ہے۔ وہ پہلے ہی قیمت ادا کر چکا ہے۔ آپکو دوبارہ گناہ کیلئےقیمت ادا کرنے یا نمٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ واقعی گناہ سے آزاد ہو گئےہیں اور راستبازی کےغلام ہو گئے ہیں کیونکہ شریعت اب آپ پر حکمرانی نہیں کرتی، لیکن آپ اب فضل کے تحت ہیں۔ ہیلیلویاہ !

## نبوتی اقرار

**گناہ کے ساتھ نمٹ لیا گیا ہے۔ گناہ کی اب مجھ پر حکومت نہیں ہے کیونکہ میں شریعت کے ماتحت نہیں ہوں۔ میں فضل کے نیچے ہوں !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 6: 18، رُومِیوں 6: 14-10



**رُومِیوں 8: 35**

**کَون ہم کو مسِیح کی مُحبّت سے جُدا کرے گا؟ مُصِیبت یا تنگی یا ظُلم یا کال یا ننگا پَن یا خطرہ یا تلوار؟**

اسکول میں وقفے کے وقت بچوں کا ایک گروپ کھیل رہا تھا۔ انہوں نے ایک کھیل کھیلا جس میں درمیان میں موجود شخص کو اس دائرے کو توڑنے کی کوشش کرنی پڑتی تھی جہاں بچوں کے بازو آپس میں جڑے ہوئے تھے۔ کئی کوششوں کے بعد دائرہ ٹوٹ گیا، اور اب کسی اور کی باری تھی۔

مسیح کی محبت ایسی نہیں ہے۔ آپ کے لیے اس کی محبت کو کسی شخص یا کسی چیز سے توڑا یا الگ نہیں کیا جا سکتا، جیسا کہ آج ہماری آیت ہمیں بتاتی ہے۔ کوئی مسئلہ یا مصیبت، یہ جان لیں: کوئی بھی چیز آپ کو مسیح کی محبت سے الگ نہیں کر سکتی !

## نبوتی اقرار

**کوئی بھی چیز مجھے کبھی بھی اس محبت سے الگ نہیں کر سکتی جو مسیح کی میرے لیے ہے! اس معلومات کے ساتھ، میں محفوظ ہوں !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 8: 37-35



**رُومِیوں 8: 38**

**کیونکہ مُجھ کو یقِین ہے کہ خُدا کی جو مُحبّت ہمارے خُداوند مسِیح یِسُوعؔ میں ہے اُس سے ہم کو نہ مَوت جُدا کر سکے گی نہ زِندگی۔**

آپ لڑکی ہو، یا لڑکا ہو؟ کیا کوئی آپکو اس حقیقت سے دوسری میں قائل کرسکتا ہے؟ آپ اس حقیقت سے "ایڈو" (آگاہ اور جانتے) ہیں۔ آپ جانتےہیں کہ آپ اسے جانتے ہیں! کیا آپ جانتے ہیں، کیا آپکو یقین ہے، مکمل طور پر قائل ہیں، کہ کوئی بھی چیز آپکو اس محبت سے الگ نہیں کر سکتی جو خدا آپ کیلئے رکھتا ہے؟

یسوع مردوں میں سے جی اُٹھا، اس نے جہنم اور قبر کو شکست دی۔ کوئی بھی تخلیق شدہ چیز آپکو اس محبت سے جدا نہیں کر سکتی جو مسیح آپ کیلئے رکھتا ہے۔ "ہاگا" (دھیان کریں) اس سچائی پر جب تک یہ آپکے وجود کا حصہ نہ بن جائے !

## نبوتی اقرار

**آپ کا شکریہ، روح القدس، مجھ پر باپ کی محبت کو ظاہر کرنے کے لیے۔ میں اس محبت کو "ایڈو" (جانتا) ہوں جو مسیح مجھ سے رکھتا ہے، ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 3: 19



**رُومِیوں 5: 17**

**کیونکہ جب ایک شخص کے گُناہ کے سبب سے مَوت نے اُس ایک کے ذرِیعہ سے بادشاہی کی تو جو لوگ فضل اور راست بازی کی بخشِش اِفراط سے حاصِل کرتے ہیں وہ ایک شخص یعنی یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے ہمیشہ کی زِندگی میں ضرُور ہی بادشاہی کریں گے۔**

میری بیوی، نبیہ بی بی اینجل، نے کتاب گریس - ڈریون لائف میں ایک مکمل کلاسیکی اورلازوال شاہکارلکھا ہے۔ اس میں، وہ کہتی ہیں کہ خُدا کا فضل "آپکی زندگی میں خُدا کی صلاحیتوں سےبھرا ہوا ہے۔" فضل کا تعلق مکمل طورپرخدا کیساتھ ہے آپ کیساتھ نہیں۔

فضل آپکی زندگی میں کام کرنے کی خدا کی لامحدود صلاحیت ہے۔ نہیں کر سکتا اب کوئی ایسا لفظ نہیں ہے جو آپکے ذخیرہ الفاظ میں پایا جائے۔ آج سے، اپنی آنکھیں خود سے ہٹائیں اور اپنے اندر کام کرنے والے خدا کے فضل پر توجہ مرکوز کریں !

## نبوتی اقرار

**میں مختلف قواعد کے مطابق کام کرتا ہوں۔ خدا کا فضل مجھ میں کام کر رہا ہے اور میں زمین پر جنت کا تجربہ کر رہا ہوں! ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 7:1



**رُومِیوں 5: 17ا**

**کیونکہ جب ایک شخص کے گُناہ کے سبب سے مَوت نے اُس ایک کے ذرِیعہ سے بادشاہی کی تو جو لوگ فضل اور راست بازی کی بخشِش اِفراط سے حاصِل کرتے ہیں**

اگر آپ کو کوئی تحفہ دیا جاتا ہے، تو آپکو تحفہ اپنے ہاتھ میں رکھنے کیلئے کیا کرنا ہوگا؟ یہ بالکل صحیح ہے؛ آپ کو اسے پکڑنا ہوگا. سب کچھ جو خُدا آپ کو دیتا ہے وہ فضل کے ذریعے آتا ہے، لیکن آپ کو اُسے پکڑنا ہوگا۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ وہ ہیں جو فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کتنا فضل لیتے ہیں؟ خُدا نے آپ بچوں کے لیے بہت زیادہ فضل (بہت زیادہ) دستیاب کر رکھا ہے، لیکن آپ خود فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کو کتنا ملے گا۔ جیسا کہ ہم کل اس موضوع میں مزید گہرائی میں جائیں گے، جو ہم سیکھ رہے ہیں اس پر دھیان کریں۔

## نبوتی اقرار

**مجھے وافر فضل تک رسائی حاصل ہے! ہر چیز اور کسی بھی چیز کے لئے فضل موجود ہے! میں تیار ہوں !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 5: 17



**رُومِیوں 5: 17ب**

**۔۔۔ وہ ایک شخص یعنی یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے ہمیشہ کی زِندگی میں ضرُور ہی بادشاہی کریں گے۔**

کیا آپ نے اس شخص کی کہانی سنی جس نے غربت کی زندگی گزاری یہاں تک کہ اسے معلوم ہوا کہ اس کا باپ کون ہے؟ فضول خرچ بیٹا بے عقل لوگوں کے درمیان رہتا تھا یہاں تک کہ اس نے خود آکر اپنے باپ کے پاس واپس آنے کا فیصلہ کیا۔

تم شاہی ہو، اور تم بادشاہ ہو! لیکن اگر آپ اس زندگی میں ایک بادشاہ کے طور پر رہنا چاہتے ہیں اور زمین پر جنت کا تجربہ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو راستبازی کا تحفہ اور فضل کی کثرت حاصل کرنی چاہیے۔ راستبازی کا تحفہ خدا کے ساتھ راستباز ہونے کا تحفہ ہے۔

## نبوتی اقرار

**مجھے راستبازی کا تحفہ ملا ہے اور میں اس زندگی میں ایک بادشاہ کے طور پر حکومت کر رہا ہوں !**

**مزید مطالعہ**

لُوقا 15: 32-11

# BOOKS OF THE BIBLE

## OLD TESTAMENT

### LAW

GENESIS
EXODUS
LEVITICUS
NUMBERS
DEUTERONOMY

### HISTORY

JOSHUA
JUDGES
RUTH
1 SAMUEL
2 SAMUEL
1 KINGS
2 KINGS
1 CHRONICLES
2 CHRONICLES
EZRA
NEHEMIAH
ESTHER

### POETRY

JOB
PSALMS
PROVERBS
ECCLESIASTES
SONG OF SOLOMON

### PROPHETS

ISAIAH
JEREMIAH
LAMENTATIONS
EZEKIEL
DANIEL

HOSEA
JOEL
AMOS
OBADIAH
JONAH
MICAH
NAHUM
HABAKKUK
ZEPHANIAH
HAGGAI
ZECHARIAH
MALACHI

## NEW TESTAMENT

### GOSPELS

MATTHEW
MARK
LUKE
JOHN

### HISTORY

ACTS

### LETTERS OF PAUL

ROMANS
1 CORINTHIANS
2 CORINTHIANS
GALATIANS
EPHESIANS
PHILIPPIANS
COLOSSIANS
1 THESSALONIANS
2 THESSALONIANS
1 TIMOTHY
2 TIMOTHY
TITUS
PHILEMON

### LETTERS

HEBREWS
JAMES
1 PETER
2 PETER
1 JOHN
2 JOHN
3 JOHN
JUDE

### PROPHECY

REVELATION

GoodNews DAILY

# CREATION

## Genesis



**DAY 1**

God created light & dark



**DAY 2**

God created the sky



**DAY 3**

God created land, trees & plants



**DAY 4**

God created the sun, moon & stars



**DAY 5**

God created birds & sea creatures



**DAY 6**

God created animals & people



**DAY 7**

God rested



**رُومِیوں 5: 17**

**۔۔۔ وہ ایک شخص یعنی یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے ہمیشہ کی زِندگی میں ضرُور ہی بادشاہی کریں گے۔**

ہم یوانگیلیون (خوش خبری) کے سفیر ہیں، اور آج ہمارے پاس اس سے بھی زیادہ اچھی خبر ہے! اس کا تصور کریں: آپ کو اپنی قوم کے صدر یا بادشاہ کے محل میں گھومنے پھرنے کے لیے ٹکٹ دیا گیا ہے اور آپ کے داخلے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اس کا کھانا تمہارا کھانا ہے، اس کے کمرے تمہارے ہیں، وغیرہ۔

خُدا نے آپ کو اپنی راستبازی دی ہے – درست ہونے کی فطرت اور صلاحیت۔ یہ راستبازی (ایک تحفہ) آپ کے لیے ایک اور فائدہ پیدا کرتی ہے – کسی جرم یا سزا کے احساس کے بغیر خدا کے حضور میں کھڑے ہونے کی صلاحیت۔ آپ کے لیے اس سے زیادہ راستباز ہونا ناممکن ہے جتنے آپ ابھی ہیں، چاہے آپ کچھ بھی کریں یا نہ کریں، جلال !

## نبوتی اقرار

**مجھے راستباز بنایا گیا ہے اور میں اپنے کاموں کے علاوہ مسیح یسوع میں خدا کی راستبازی ہوں۔ زبردست !**

## مزید مطالعہ

یسعیاہ 46: 10



**اِفِسیوں 1: 3**

**ہمارے خُداوند یِسُوعؔ مسِیح کے خُدا اور باپ کی حمد ہو جِس نے ہم کو مسِیح میں آسمانی مقاموں پر ہر طرح کی رُوحانی برکت بخشی۔**

جب آپ اسکول میں ہوتے ہیں، اور آپ کے پاس لکھنے کے لیے ایک پنسل ہے، تو کیا آپ کو لکھنے کے لیے ایک اور پنسل کی ضرورت ہوگی؟ ہرگز نہیں! اگر کوئی آپ کو لکھنے کے لیے دوسری پنسل دینے کی کوشش کرے، تو آپ شاید کہیں گے، ”میرے پاس پہلے سے ایک ہے، شکریہ۔“

بچو، خدا کی برکتوں کے ساتھ بھی ایسا ہی ہے. خدا نے پہلے ہی آپ کو تمام روحانی برکتوں سے نوازا ہے۔ خدا آپ کو اس سے زیادہ برکت نہیں دے سکتا جتنا کہ اس نے آپ کو پہلے ہی برکت دے دی ہے۔ یہ خوشی سے چلاّنے کے لیے ایک بہترین وقت ہے، ”ہیلیلویاہ !“

## نبوتی اقرار

**یہ ایک مکمل معاہدہ ہے! میں پہلے ہی برکت والا ہوں، خدا کی حمد ہو! میں زمین پر جنت کے اس سال میں خدا کی برکتوں کا تجربہ کروں گا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 1: 3-5



**اِفِسیوں 1: 5**

**اور اُس نے اپنی مرضی کے نیک اِرادہ کے مُوافِق ہمیں اپنے لِئے پیشتر سے مُقرّر کِیا کہ یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے اُس کے لے پالک بیٹے ہوں۔**

ٹیموتھی اس دوپہرکو فٹبال کےکھیل کیلئےپرجوش تھا۔ وہ اسکول کےبعد روزانہ مشق کر رہاتھا، اور اب بڑےکھیل کاوقت آ گیا۔ وہ ”دوستانہ میچ“ کھیلنےکیلئےتیار اپنےدوستوں کیساتھ کھڑا تھا، یہ جانتےہوئےکہ یہ فیصلہ فٹبال منظر کریگا کہ کون، کون ہے۔ ٹیموتھی کیساتھ کھلاڑی کم ہوگئےکیونکہ ہرفردکو ایک ٹیم میں شامل کرنےکیلئےمنتخب کرلیاگیاتھا۔

ٹیموتھی اکیلا رہ گیا جسکومنتخب نہیں کیاگیا تھا۔ بچو، یہ جاننا ایک حیران کن بات ہےکہ آپکوخدا نےپہلےہی قبول کرلیاہے۔ آج کی آیت میں، ہمیں بتایا گیا ہےکہ خدا نےآپکو اپنا بیٹا بنانےکا فیصلہ کیا اور یہی اسکی مرضی تھی اورجس سے وہ خوش تھا۔ اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا کہ کون آپکو قبول نہیں کرتا، جان لیں (ایڈو) کہ آپکو خدا نے پہلے ہی قبول کر لیا ہے !

## نبوتی اقرار

**مجھے میرے محبت کرنے والے نے قبول کر لیا ہے۔ مجھ سے محبت کرنے کے لیے باپ آپ کا شکریہ !!!**

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 1: 6-5



**اِفسیوں 2: 8**
**کیونکہ تُم کو اِیمان کے وسِیلہ سے فضل ہی سے نجات مِلی ہے اور یہ تُمہاری طرف سے نہیں۔ خُدا کی بخشِش ہے۔**

جب آپ کو کوئی تحفہ ملتا ہے، تو آپ جانتے ہیں کہ آپکو اس کیلئے کام کرنے اور اسے بطور پیشکش لینے کی ضرورت نہیں تھی۔ نجات پانا ایسا ہی ہے؛ آپ کو فضل سے بچایا گیا ہے کیونکہ آپ کو یقین ہے کہ یسوع مسیح خداوند ہے۔ آپکی نجات، دوسرے لفظوں میں، خدا کی طرف سے ایک تحفہ ہے۔

راستبازی ایسی ہی ہے! راستبازی ایک تحفہ ہے، انعام نہیں ہے۔ آپکو یہ بھی قبول کرنا چاہئے کہ راستبازی (خدا کے دائیں کھڑا ہونا) جیسا کہ ہم آج بات کر رہے ہیں، آپکو خدا کے بیٹے کے طورپرعطا کیا گیا ہے۔ یہ کمایا نہیں جا سکتا، یہ صرف وصول کیا جا سکتا ہے. جیسا کہ آپ اپنے دن کا آغاز کرنے والے ہیں تو یہ خوشگوار سچائی پر ہاگا کریں !

## نبوتی اقرار

**میں خدا کی راستبازی ہوں اور میں جہاں بھی جاتا ہوں اس کی بھلائی دیتا ہوں !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 6: 23



**گلتِیوں 5: 22-23**

**مگر رُوح کا پھل مُحبّت۔ خُوشی۔ اِطمِینان۔ تحمُّل۔ مِہربانی۔ نیکی۔ اِیمان داری۔ حِلم۔ پرہیزگاری ہے۔ اَیسے کاموں کی کوئی شرِیعت مُخالِف نہیں۔**

کھانے کے لیے آپ کا پسندیدہ پھل کون سا ہے؟ امرود، بیر، شاید لیچی؟ میری بیوی نبیہ بی بی اینجل کی کتاب، ”انجوائے لائف ناؤ“ میں وہ سنگترے کی مثال کے ذریعے روح کے پھل کی وضاحت کرتی ہے۔ اس میں، وہ گلتیوں 5: 22 سے روشنی ڈالتی ہے کہ ”روح کا پھل ہے، ہیں نہیں“۔ دوسرے الفاظ میں، روح کا پھل صرف محبت ہے۔

اس کے بعد آنے والے ”پھل“ کا ہر ایک حصہ، جیسے خوشی، اطمینان، تحمل، مہربانی، نیکی وغیرہ، ایک سنگترے کا ایک حصہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ محبت ان تمام حصوں پر مشتمل ہے، بالکل اسی طرح جیسے سنگترے کے حصے ہوتے ہیں۔ تاہم، ہر حصہ اپنے طور پر ایک پھل نہیں ہے۔ اپنے آپ سے پوچھیں، کیا میری زندگی میں محبت دیکھی جا سکتی ہے؟

## نبوتی اقرار

**محبت روح کا پھل ہے، اور میں آج روح میں چل رہا ہوں !**

## مزید مطالعہ

1 – یُوحنّا 4: 12-13



**1 – کُرِنتھِیوں 13: 4**
**مُحبّت صابِر ہے اور مِہربان۔ مُحبّت حَسد نہیں کرتی۔ مُحبّت شَیخی نہیں مارتی اور پُھولتی نہیں۔**

جب آپ لفظ "محبت" سنتے ہیں تو آپ اس کے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟ محبت کی مختلف قسمیں ہیں، لیکن اگاپے محبت خدا کی طرف سے آتی ہے، اور خدا خود محبت ہے۔ مسیح ہمارے لیے مر گیا، جو کہ بطور انسان ہمارے لیے خُدا کی محبت کا حتمی اظہار ہے۔

یہ سنو، بچو: اگاپے محبت اس سے آزاد ہے کہ کیا ہوتا ہے۔ یہ کارکردگی دکھانے کے لیے اچھے حالات پر انحصار نہیں کرتا۔ دوسرے الفاظ میں، یہ لڑکھڑا نہیں سکتا؛ یہ کتنا طاقتور ہے؟ یہی وجہ ہے کہ آپ کے لیے اپنے دشمنوں سے محبت کرنا ممکن ہے: اگاپے محبت اپنے آپ کام کرتی ہے، ہیلیلویاہ !

## نبوتی اقرار

**خدا نے مجھے اپنی محبت دی ہے اور میں آج محبت میں چل رہا ہوں !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 5: 5



**حبقُّوق 3: 18**

**تَو بھی مَیں خُداوند سے خُوش رہُوں گا اور اپنے نجات بخش خُدا سے خُوش وقت ہُوں گا۔**

شادمانی اور خوشی کے درمیان کیا فرق ہے؟ آپ کے کیا خیالات ہیں؟ خوشی سادہ الفاظ میں، جو کچھ ہو رہا ہے اس پر مبنی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی شخص کی خوشی آج ہو سکتی ہے اور کل ختم ہوسکتی ہے کیونکہ یہ اس کے ارد گرد جو کچھ ہو رہا ہے اس پر مبنی ہے۔

شادمانی (یونانی میں چارا)، تاہم، خوشی سے کہیں زیادہ گہری ہوتی ہے کیونکہ حقیقی شادمانی صرف خداوند کی طرف سے آتی ہے۔ یہ آپ کے دل میں خُدا کی محبت ہے جس میں شادمانی بھری ہوئی ہے! بچو کیا آپ اسے دیکھ رہے ہیں؟ خداوند کی شادمانی تمہاری طاقت ہے۔ شادمانی مسیح کو دیکھتی ہے حالات کو نہیں !

## نبوتی اقرار

**شادمانی ایک انتخاب ہے، یہ احساس نہیں ہے۔ آج میں شادمانی کا انتخاب کرتا ہوں !**

## مزید مطالعہ

نحمیاہ 8: 10، اَعمال 16: 25



**یُوحنّا 14: 27**

**مَیں تُمہیں اِطمِینان دِئے جاتا ہُوں۔ اپنا اِطمِینان تُمہیں دیتا ہُوں۔ جِس طرح دُنیا دیتی ہے مَیں تُمہیں اُس طرح نہیں دیتا۔ تُمہارا دِل نہ گھبرائے اور نہ ڈرے۔**

اگر آپ کی قوم کے صدر نے کہا، ”میں آپ کے لیے دولت چھوڑتا ہوں، اپنی دولت میں آپ کو دیتا ہوں۔“ آپ یقین کر سکتے ہیں کہ وہ دولتیں کوئی معمولی رقم نہیں ہوں گی اور آپ اور آپ کا خاندان شاید جشن منانا شروع کر دیں گے۔

یسوع کے یہ کہنے کے لیے کہ وہ آپ کو اطمینان دیے جاتا ہے، اس کا اپنا اطمینان وہ آپ کو دے رہا ہے، اس کا مطلب ہے کہ اس اطمینان میں کچھ خاص ہے۔ خداوند کا اطمینان شدید ہے، یہ نظر نہ آنے والی طاقت ہے، اور اس کے پیچھے ایک طاقت ہے۔ خدا کا اطمینان آپ میں ہے، اور یہ آپ کی دنیا کو بدل سکتا ہے !

## نبوتی اقرار

**میں اطمینان میں رہتا ہوں اور اطمینان میں چلتا ہوں۔ اطمینان میرے دل کی حفاظت کر رہا ہے !**

## مزید مطالعہ

یسعیاہ 26: 4-3، فِلِپّیوں 4: 7-6



**گلتِیوں 5: 22**

**مگر رُوح کا پھل مُحبّت۔ خُوشی۔ اِطمِینان۔ تحمُّل۔ مِہربانی۔ نیکی۔ اِیمان داری۔**

لانگ سفرنگ (تحمل) کے لفظ میں دو الگ الفاظ ہیں۔ وہ کیا ہیں؟ یہ درست ہے: لانگ (لمبی) اور سفرنگ (تکلیف)، آپ کے لیے دو پوائنٹس! تاہم، کیا آپ مجھ پر یقین کریں گے اگر میں یہ کہوں کہ لفظ تحمل کا لمبی تکلیف سے کوئی تعلق نہیں ہے؟

محبت کے پھل کا تحمل والا حصہ یہ کہنے کی صلاحیت ہے کہ میرے ساتھ کچھ بھی ہو جائے، میں آگے بڑھنے کے لیے اپنے اندر جلتی ہوئی آگ کو کبھی نہیں کھوؤں گا۔ یہ یونانی لفظ ماکروتھیمیا سے آیا ہے، جو صبر کی طرح، ہر حال میں دھیما، نرم اور مستقل ہوتا ہے۔
جب چیزیں آپ کے مطابق نہیں ہوتی ہیں تو آپ کیسے کام کرتے ہیں؟ یاد رکھیں کہ آپ کی روح میں تحمل ہے، اور یہ محبت میں چلنے سے حرکت میں آتی ہے !

## نبوتی اقرار

**میں پرجوش ہوں! کچھ بھی ہو، میں آگے بڑھنے کیلئے اپنے اندر جلنے والی آگ سے کبھی محروم نہیں ہوں گا !**

## مزید مطالعہ

یعقُوب 1: 4، یسعیاہ 59: 19



**مِیکاہ 6: 8**

**اَے اِنسان اُس نے تُجھ پر نیکی ظاہِر کر دی ہے۔ خُداوند تُجھ سے اِس کے سِوا کیا چاہتا ہے کہ تُو اِنصاف کرے اور رحم دِلی کو عزِیز رکھّے اور اپنے خُدا کے حضُور فروتنی سے چلے؟**

اگر آپکا کوئی بہن بھائی ہے، تو آپ نےغالباً اپنےوالدین کوکچھ ایسا کہتےسنا ہوگا، "اپنے بھائی یا بہن کیساتھ حسن سلوک کرو،" خاص طورپرجب آپکے تعلقات اچھےنہ ہوں ! رحم کرنا اورہمدردی کچھ ایسےطریقےہیں جن سےآپ سوچ سکتےہیں کہ مہربانی کیا ہے۔ تاہم، اس سے زیادہ اور ہے !

جب یسوع نےترس کھایا، تو بڑی شفاء ہوئی (مثلاً، مرقس 1: 41 میں)۔ مہربانی جاری ہونیوالی طاقت کا سوئچ تھا۔ اپنے آپ کیساتھ اور دوسروں کیساتھ مہربان ہونا آپکو طاقت کا حامل شخص بناتا ہے۔ روح القدس آپکے ذریعے خدا کی طاقت کو دوسروں تک پہنچانے کیلئےمہربانی کا استعمال کرتا ہے! ہیلیلویاہ پکارو!!!! مہربانی کی مشق کریں اور اپنی زندگی میں خُدا کی طاقت کو دیکھیں !

## نبوتی اقرار

**میں آسانی سے نہیں ہلتا کیونکہ میں جہاں بھی جاتا ہوں مہربانی سے چلنے کا انتخاب کرتا ہوں !**

## مزید مطالعہ

امثال 21: 21



**گلتِیوں 5: 23-22**

**مگر رُوح کا پھل مُحبّت۔ خُوشی۔ اِطمِینان۔ تحمُّل۔ مِہربانی۔ نیکی۔ اِیمان داری۔ حِلم۔ پرہیزگاری ہے۔ اَیسے کاموں کی کوئی شرِیعت مُخالِف نہیں۔**

آج اتوار ہے، اورآپ میں سےبہت سے چرچ کےسنڈے سکول میں ہیں۔ سارا ہفتہ ہم روح کےپھل اور اس کےحصوں کے بارے میں بات کرتے رہے ہیں۔ آج میں چاہتا ہوں کہ آپ ہر اس چیز پرغور کریں جو ہم سیکھ رہےہیں اور آپکا ہوم ورک نیکی، ایمان داری، حلم اور پرہیزگاری کا مطالعہ کرنا ہے۔

اپنے والدین یا سنڈے سکول کے استاد سے روح کے پھل کے ان باقی حصوں کےبارے میں آپ سے بات کرنے کو کہیں۔ آپ میری کتاب، "انجوائے لائف ناؤ" استعمال کرسکتے ہیں، جہاں میں نے اس ہفتے کیلئے کلام رکھے ہیں۔ ہمارے پاس کبھی بھی خوشخبری کی کمی نہیں ہیں، ہمارے پاس صرف وقت کی کمی ہے! آپ کو فتح میں روزانہ چلنے کیلئے لیس کیا گیا ہے! اب شروع کریں !

## نبوتی اقرار

**خدا کا بیٹا ہونے کے ناطے، میں کسی بھی حالت سے نہ ہلنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ خدا کو جلال پہنچے !**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 4: 4



**اِستِثنا 30: 19**

**مَیں آج کے دِن آسمان اور زمِین کو تُمھارے برخِلاف گواہ بناتا ہُوں کہ مَیں نے زِندگی اور مَوت کو اور برکت اور لَعنت کو تیرے آگے رکھّا ہے پس تُو زِندگی کو اِختیار کر کہ تُو بھی جِیتا رہے اور تیری اَولاد بھی۔**

جب آپ آج صبح بیدارہوئے، تو فیصلوں اورانتخاب کا ایک سلسلہ تھا جو آپ نےاپنےخیالات کی بنیاد پرکیا۔ جب آپ کچھ بولتےیاکرتےہیں تو یہ ہمیشہ اس سوچ کانتیجہ ہوتا ہےجس پرآپ نےعمل کیا ہے۔

آج کی آیت میں، خداوند نےہمیں زندگی یاموت کا انتخاب دیا ہے۔ وہ ہمیں زندگی کا انتخاب کرنےکی تاکید کرتا ہے۔ بچو، جب ہم مزید گہرائی میں جائیں گے تو آپ کے ذہن میں کیا ہے؟ اس ہفتے، یہ جانیں: آپکےخیالات انتخاب کیطرف راہنمائی کرتے ہیں۔ صحیح خیالات کا ہونا صحیح انتخاب کیطرف لے جائےگا، جس کےنتیجے میں زندگی کیطرف راہنمائی ہو گی۔ آئیے سیکھیں کہ صحیح سوچ کیسے رکھی جائے !

## نبوتی اقرار

**میرا ذہن خدا کیطرح کام کرنےکیلئے بنایا گیا ہے۔ میں صحیح سوچتا ہوں اورمیں صحیح انتخاب کرتا ہوں، یسوع کےنام سے !**

## مزید مطالعہ

1 – کُرِنتھِیوں 2: 16



GoodNews DAILY



**2 - تِیمُتھِیُس 1: 7**
**کیونکہ خُدا نے ہمیں دہشت کی رُوح نہیں بلکہ قُدرت اور مُحبّت اور تربِیّت کی رُوح دی ہے۔**

ارتقاء یہ دعویٰ کرتا ہے کہ آدمی بندروں سے آیا اور انسان بننے کے لیے تیار ہوا، لیکن بائبل اس سے بالکل مختلف کہتی ہے۔ خُدا نے انسان کو اپنی صورت اور مشابہت پر پیدا کیا (پیدائش 1: 26)۔ اسی طرح، خدا نے آپ کے دماغ کو ایک خاص طریقے سے کام کرنے کے لئے تربیت دی۔

خوف پر مبنی اور منفی سوچ کے طریقے کبھی بھی آپ کے دماغ کو بھرنے کے لیے نہیں تھے۔ یہ خدا کا کلام ہے جو آپ کے دماغ کو خدا کے ارادے کے مطابق کام کرنے کی وجہ بنتا ہے۔ بائبل میں موجود خدا کا کلام آپ کے دماغ کو صحیح طریقے سے سوچنے کے لیے اپنی مناسب غذا فراہم کرتا ہے۔ اپنے دماغ کو بہترین غذا کھلائیں؛ آج شروع کریں !

## نبوتی اقرار

**خدا کا کلام میرے ذہن کے لیے بہترین غذا ہے۔ خوف کی کوئی گنجائش نہیں ہے !**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 4: 8



**2 - کُرِنتھِیوں 5:17**
**اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چِیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔**

چیونٹیوں کی دنیا میں، چیونٹیاں کچھ اصولوں پر عمل کرتی ہیں تاکہ وہ کام کر سکیں اور اپنی چیونٹی کی زندگی گزار سکیں۔ اس دنیا میں ایسے نظام (قواعد) ہیں جن پر بہت سے لوگ بغیر سوچے سمجھے عمل کرتے ہیں۔ خدا چاہتا ہے کہ آپ ایک حیرت انگیز اور مافوق الفطرت زندگی گزاریں، لیکن ایسا کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے دماغ کو صحیح معلومات فراہم کریں۔

کمپیوٹر کی طرح، آپ جو ڈالتے ہیں وہی باہر آتا ہے۔ آپ کا دماغ مختلف نہیں ہے۔ آپ میں لفظ باہر کے حالات بدل دیتا ہے۔ آج اپنے دماغ کو ری - پروگرام کریں !

## نبوتی اقرار

**میرا دماغ ایک کمپیوٹر کی طرح ہے، اور میں اسے خدا کے کلام کی صحیح معلومات کے ساتھ بھرنے کا انتخاب کرتا ہوں۔**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 12: 2-1



**فِلِپّیوں 4: 6**

**کِسی بات کی فِکر نہ کرو بلکہ ہر ایک بات میں تُمہاری درخواستیں دُعا اور مِنّت کے وسِیلہ سے شُکرگُذاری کے ساتھ خُدا کے سامنے پیش کی جائیں۔**

ایلا نے جوشوا کیطرف ہاتھ بڑھایا۔ ”اگرآپ سویٹس والا ہاتھ چنتےہیں تو وہ آپکی ہیں“، وہ مسکرائی۔ جوشوا نےاس کے دائیں ہاتھ کو تھپتھپا دیا۔ اس نےاسےکھولا اوراپنی خالی ہتھیلی ظاہر کی۔ ایلا مسکرائی، یہ جانتے ہوئےکہ تمام چاکلیٹس اسے کھانےکو ملیں گی !

یہ آپ کا انتخاب ہے جو فرق ڈالتا ہے۔ جب آپکے ذہن میں کوئی منفی خیال آتا ہے، تو صورتحال سے منسلک ایک صحیفہ لیں اور اسے اپنا بنائیں: ”میں امتحان کی فکر نہیں کروں گا۔ باپ، پاس ہونے والی معلومات کو یاد رکھنے میں میری مدد کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ مجھے میرے دل اور دماغ میں آپ کا اطمینان دینے کے لیے آپ کا شکریہ، یسوع کے نام سے۔“ خوش رہو! کلام کام کرتا ہے !

## نبوتی اقرار

**میں صرف اس کے بارے میں سوچوں گا جس کے بارے میں کلام مجھے سوچنے کو کہتا ہے !**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 4: 8



**رُومِیوں 12: 2**

**اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تاکہ خُدا کی نیک اور پسندِیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو۔**

آپ نے آج کے عنوان کا تلفظ کیسے ادا کیا؟ میٹامورفو 'بدلنا یا تبدیل ہونا' کیلئے یونانی لفظ ہے۔ جب ایک کیٹرپلر تتلی میں تبدیل ہوتا ہے، تو اس کا وہی مطلب ہوتا ہے جو ہماری آج کی آیت میں بدلنا یا تبدیل ہو رہا کا ہے۔

جب آپ خُدا کا کلام پڑھتے ہیں، تو آپ حقیقت میں اپنے سوچنے کے انداز کو بدل رہے ہوتے ہیں، خُدا کے خیالات آپ کے ذہن کو بدلتے ہیں۔ یہ بہت طاقتور ہے۔ آپ اپنے ذہن کو خدا کے ارادے کے مطابق کام کرنے کے لیے دوبارہ تربیت دے رہے ہیں! زبردست! تبدیل ہوں جیسے آپ خدا کے کلام کے ساتھ اپنے ذہن کی تجدید کرتے ہیں !

## نبوتی اقرار

جب میں خدا کے کلام کے ساتھ اپنے ذہن کی تجدید کرتا ہوں تو مجھے جلال سے جلال میں تبدیل کیا جا رہا ہوتا ہے۔

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 4: 23



**2 – کُرِنتھِیوں 10: 5**
**چُنانچہ ہم تصوُّرات اور ہر ایک اُونچی چِیز کو جو خُدا کی پہچان کے برخِلاف سر اُٹھائے ہُوئے ہے ڈھا دیتے ہیں اور ہر ایک خیال کو قَید کر کے مسِیح کا فرمانبردار بنا دیتے ہیں۔**

تقریباً ہرفلم میں عام طورپرایک اچھا اورایک برا آدمی ہوتا ہے۔ بہت سی فلمیں برےآدمی کےپکڑے جانےاوراچھےآدمی کو ہیرو کےطورپرمنانےکیساتھ ختم ہوتی ہیں !
بچو، اگرخیالات خدا کےکلام کےمطابق نہیں ہیں تو تمام خیالات کو پکڑ لیا جائے (قید خانے میں ڈال دیا جائے)۔ سارا دن اور ہر دن، کسی ایک خیال کو اپنےذہن کو منفی یا خوف سےآلودہ نہ ہونے دیں۔

یہ آپکے دماغ میں رہنا چاہتا ہے، اسے مت رہنےدیں. ایسےخیالات کو خدا کےخیالات سوچ کر اور وہ صحیح الفاظ بول کر فوراً تباہ کریں۔ کسی بھی منفی خیالات کو کنڈی سے باہر نہ ہونے دیں۔ اسے پکڑیں اور اسے خدا کے کلام سے بدل کر قید خانے میں ڈال دیں۔

## نبوتی اقرار

**میں ہر سوچ کو روح القدس کی طاقت سے پکڑ لیتا ہوں۔ میں صرف یسوع کے نام سے ہی صحیح خیالات سوچتا ہوں۔**

## مزید مطالعہ

2 – کُرِنتھِیوں 10: 5-4



**کُلسِّیوں 3: 2**

**عالَمِ بالا کی چِیزوں کے خیال میں رہو نہ کہ زمِین پر کی چِیزوں کے۔**

دلچسپ حقیقت: کیا آپ جانتے ہیں کہ آپکا ذہن آپکے دماغ کو کنٹرول کرتا ہے؟ سائنسی طور پر، انسانی دماغ کی صلاحیتیں اس سے کہیں زیادہ ہیں جسکا آپ تصور کر سکتے ہیں۔ تاہم، یہ ذہن ہے جو دماغ کو کنٹرول کرتا ہے۔

بچو، جب آپ خدا کیطرح سوچتے ہیں، تو آپ ی زندگی کیلئے امکانات لامتناہی ہوتے ہیں۔ آپ جو کچھ کر سکتے ہیں یا حاصل کر سکتے ہیں اسکی کوئی حد نہیں ہے۔ آپ مسیح میں جو آپ ہیں سپرمین کے طور پر چلنا شروع کر دیتے ہیں۔ کسی اور کیطرف مت دیکھو میں آپ سے بات کر رہا ہوں! خدا کے خیالات کے بارے میں سوچنا شروع کریں اور زمین پر جنت کے اس سال میں اپنی دنیا کیلئے ایک عجوبہ بن جائیں۔

## نبوتی اقرار

**جیسا کہ خدا ہے، میں بھی اس دنیا میں ہوں۔ میں خدا کیطرح سوچتا ہوں، اور میں اسی طرح کام کرتا ہوں جیسا کہ وہ چاہتا تھا! ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

1 – یُوحنّا 4: 17

# My goodnews notes



**امثال 11: 30**

**صادِق کا پَھل حیات کا درخت ہے اور جو دانِش مند ہے دِلوں کو موہ لیتا ہے۔**

اگرکوئی ایسا کھیل کھیلنا جانتا ہوجو آپ نہیں کھیلتے، توہم اس بات سےاتفاق کرسکتےہیں کہ وہ شخص اس کھیل میں دانشمند ہےیا کوئی ایسی چیزجانتا ہےجو آپ نہیں جانتے۔ چونکہ آپ نہیں جانتےکہ دوسرا شخص کیاجانتاہے، اس لیےآپکویہ کھیل کھیلنابہت مایوس کن لگےگا اورآپ دوسروں کوبتائیں گےکہ یہ بہت مشکل ہے۔ یہی خدا کےبہت سےبیٹے روح جیتنےکے بارےمیں سوچتےہیں۔

جب وہ آج کی ہماری آیت کو دیکھتےہیں توسوچتےبھی ہیں کہ جب وہ دانشمند ہو جائیں گےتو روح جیت لیں گے، ایسا نہیں ہے۔ آپ دیکھیں، روح جیتنےوالےکےپاس موثرہونےکیلئےایک خاص دانشمندی ہوتی ہےاورجو وہ استعمال کرتےہیں، وہ یہ ہےکہ روح جیتنا آسان ہے! دانشمندی کا پہلا اوراہم قدم جوایک روح جیتنےوالا استعمال کرتا ہےوہ روزانہ خودکوقائل کرنا ہےکہ روح جیتنا آسان ہے اورپہلےسےیہ جانتے ہوئے وہ ہرجگہ روحیں جیت رہےہیں !

## نبوتی اقرار

**روح جیتنا اتنا ہی آسان ہے جتنا میری آنکھیں کھولنا اور میں اس سال زمین پر جنت کے پہلے سے زیادہ روحوں کو جیتوں گا !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 4: 35



GoodNews DAILY

**یُوحنّا 4: 35**

**کیا تُم کہتے نہیں کہ فصل کے آنے میں ابھی چار مہِینے باقی ہیں؟ دیکھو مَیں تُم سے کہتا ہُوں اپنی آنکھیں اُٹھا کر کھیتوں پر نظر کرو کہ فصل پک گئی ہے۔**



بچو، آپکو کیسےمعلوم ہوتاہےکہ کوئی مہمان واقعی آپکےگھر ٹھہرنےکیلئےآ رہاہے؟ سب سےپہلے، آپکےوالدین یا سرپرست اسپیئر روم کیلئےنئی چادریں اورنئے تولیےاوربسترکیلئےکچھ آرام دہ کپڑے تیارکرتےہیں۔ آج ہمارا صحیفہ بالکل ایس ہی ان لوگوں کےبارے میں کہتا ہے جنہیں آپ مسیح کیطرف لیکرجائیں گے۔

کھیتوں (لوگ جنہیں آپ مسیح میں جیتیں گے) میں پہلےہی جنت کےشاندارسفید لباس موجودہیں جوآپکےان سےبات کرنے سےپہلےانکےناموں سےتیارکرلیےگئےہیں! اسی لیےروح جیتنا آسان ہے، کیونکہ خدا نے پہلےہی جنت کیلئےانکےکپڑے تیارکر رکھےہیں، یعنی اسےیقین ہےکہ آپ انہیں جیتیں گے! خدا یقیناً کمپنی کی توقع کر رہا ہےاورآپکوصرف یہ کرنا ہےکہ لوگوں کوانکےنئےفیشن کےلباس پہننےاورجنت میں پارٹی سےلطف اندوزہونےکی دعوت دیں !

## نبوتی اقرار

**میں ایک سیریل روح کا فاتح ہوں۔ میں زمین پر جنت کےاس سال میں مسیح کو لاکھوں جیتوں گا۔ میں خوفزدہ نہیں ہوں گا اور میں یسوع کے قادر نام سے دلیری سے آگے بڑھوں گا !**

## مزید مطالعہ

مُکاشفہ 7: 9

**یُوحنّا 4: 35**

**کیا تُم کہتے نہیں کہ فصل کے آنے میں ابھی چار مہِینے باقی ہیں؟ دیکھو مَیں تُم سے کہتا ہُوں اپنی آنکھیں اُٹھا کر کھیتوں پر نظر کرو کہ فصل پک گئی ہے۔**



آج کےصحیفےمیں، یسوع کن میدانوں کی بات کررہا ہے؟ کیاہمیں ہرفٹبال میدان میں جاناہےاورصرف وہاں روحیں جیتنی ہیں؟ نہیں! لفظ میدان کامطلب ہےدو سرحدوں کےدرمیان کوئی بھی جگہ۔ اسکےبارےمیں سوچیں. کیا آپکا گھرایک جگہ ہے؟ آپکےمحلے، گاؤں، شہرکےبارےمیں کیاخیال ہے؟ جی ہاں! شہر، ملک یا اسٹیڈیم کےبارےمیں کیاخیال ہے؟ جی ہاں! لہذا، اگرآپ یہ پوچھ رہےتھےکہ آپکوروحیں کہاں جیتنی ہیں، تو یسوع نےجواب دیا وہ ہرجگہ جہاں آپ لوگوں کوملتےہیں۔ کوئی حدنہیں ہے !

آپ جہاں بھی ہیں شروع کریں، اپنےگھر، بس کا انتظارکرتےیا چھٹی پرہوتےہوئےبھی، کسی سےیسوع کےبارےمیں بات کریں! اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا ہےکہ آپ کس قوم میں ہیں کسی کوبتائیں کہ انکا آسمانی لباس تیارہےاوراسےپہننےکاوقت آگیاہے۔ جہاں بھی جائیں روحیں جیتیں !

## نبوتی اقرار

روح جیتنا آسان ہے۔ میں کسی سےبھی بات کروں‌گا خواہ بوڑھا ہو یا جوان اورانہیں یسوع مسیح کےبارے میں بتاؤں‌گا۔ آمین !

## مزید مطالعہ

مرقس 16: 15



**یُوحنّا 4: 34**

**یِسُوعؔ نے اُن سے کہا میرا کھانا یہ ہے کہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی کے مَوافِق عمل کرُوں اور اُس کا کام پُورا کرُوں۔**

بچو، کیا آپ نےکبھی وہ فلمیں یاکارٹون دیکھےہیں جہاں غیرملکی زمین پرحملہ کرنےکی کوشش کررہےہیں اوراپنی دنیاکی کھوئی ہوئی قیمتی چیزتلاش کررہےہیں؟ عام طورپر، مدر شپ کچھ غیرملکیوں کوبھیس بدل کرزمین پربھیجتی ہے، اورانکا مشن کھوئی ہوئی قیمتی چیزکودوبارہ حاصل کرنا ہے۔ مدر شپ انہیں وہ سب کچھ فراہم کرتی ہے جسکی انہیں ضرورت ہے۔ اگرچہ وہ انسان کےبھیس میں ہیں، لیکن وہ عام انسانی سرگرمیوں سےپریشان نہیں ہوتےہیں۔

روح کےفاتح کےطورپر، آپکا مقصد اورمشن، آپکو قبول کرناچاہئے، کھوئی ہوئی روحوں کودوبارہ حاصل کرنا ہےجو مدر شپ (کوہ صیون) سےتعلق رکھتےہیں۔ آپکا زمینی چیزوں کیوجہ سےدھیان ہٹانہیں چاہئے، اورآپکی سپلائی زمین سےنہیں کوہ صیون سےآتی ہے۔ آپ مسیح میں ایک فوجی ہیں۔ فوجی ایک کام کرتےہیں: وہ مشن پرجاتےہیں۔ یہی وجہ ہےکہ یسوع نےاسےاپنا کھانا کہا، جس نےاسےمضبوط کیا۔

## نبوتی اقرار

**میں یسوع کے قادر نام سےہر طرح سے روحوں کو جیتنے کے اپنے مشن کو قبول کرتا ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 4: 34-5



**یعقُوب 5: 20**

**تو وہ یہ جان لے کہ جو کوئی کِسی گُنہگار کو اُس کی گُمراہی سے پھیر لائے گا۔ وہ ایک جان کو مَوت سے بچائے گا اور بُہت سے گُناہوں پر پردہ ڈالے گا۔**

آپکی ملاقات کسی ایسےشخص سےہوئی جسےدریا میں تیراکی کا شوق تھا، لیکن آپ جانتےہیں کہ دریا مگرمچھوں سےآلودہ ہے۔ کیا آپ خاموش رہیں‌گے؟ ہرگز نہیں۔ کوئی فرق نہیں پڑتا ہےکہ آپ کتناجانتےہیں، وہ شخص تیراکی سےمحبت کرتاہے اوریہ اسےکتناخوش کرتاہے، آپ اسےہرطرح سےروکیں گے، کیاآپ نہیں روکیں گے؟ آپ مگرمچھوں سےنفرت کرتےہیں کیونکہ وہ صرف پانی کےاندر چھپ کرجھپٹنےکا انتظارکررہےہیں۔

بالکل ایساہم کرتےہیں جب ہم روح جیتتےہیں۔ جولوگ مسیح کونہیں جانتےوہ سوچ سکتےہیں، وہ جوکچھ کررہےہیں وہ ان کیلئےاچھا ہےلیکن یہ آپ ہی جانتےہیں، وہ خطرے کیطرف بڑھ رہےہیں جومگرمچھوں سےبھی بدتراورخوفناک ہے۔ گناہ سےنفرت کریں اورجو لوگوں کےمسیح کو رد کرنےکاسبب بنتاہے۔ جب آپ ایساکرتےہیں، تو آپکا روح کوجیتنا محبت کیساتھ گہراہوگا۔

## نبوتی اقرار

**میں اس چیز سےنفرت کرتاہوں جس سےخدا نفرت کرتاہےاورمیں اس سےمحبت کرتاہوں جس سےخدامحبت کرتاہے۔ روح جیتنا آسان ہے !**

## مزید مطالعہ

یعقُوب 5: 19-20



**1 – تِیمُتھِیُس 4: 12**

**کوئی تیری جوانی کی حقارت نہ کرنے پائے بلکہ تُو اِیمان داروں کے لِئے کلام کرنے اور چال چلن اور مُحبّت اور اِیمان اور پاکِیزگی میں نمُونہ بن۔**

بہت سے نوجوانوں کیلئے، ان سے بڑے لوگوں کی روحیں جیتنا ایک خوفناک چیز ہے۔ ضروری نہیں کہ اسطرح ہو۔ پولس ہماری آیت میں نوجوان تیمتھیس سے کہہ رہا تھا کہ اگرچہ وہ اتناچھوٹا ہے، اسےلوگوں کو اسکے ساتھ برا سلوک کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ وہ اور آپ یہ کیسےکریں گے؟

آپکی ظاہری شکل اہمیت رکھتی ہے. ایک موثرروح کا فاتح بننے کیلئے، آپکو بادشاہ کے بیٹےکیطرح لباس پہننا چاہیے نہ کہ دوسرے بچوں کیطرح۔ ذہین ہونے کیساتھ، آپکے بزرگوں (بشمول آپکے بڑے بھائی اوربہن) کے سامنے آپکا برتاؤ اور آداب انہیں مسیح کیطرف لیجا سکتے ہیں۔ جب آپ یسوع کےبارےمیں بات کریں گےتو وہ آپکی بات سنیں گے۔ آج سے، آپ جہاں بھی جائیں روحوں کوجیتنےکیلئے ذہین اورباوقاربنیں۔

## نبوتی اقرار

**اب سے جس طرح میں لباس پہنتا ہوں وہ ہر روز یسوع کے قادر نام سے روحوں کو جیتنے کیلئے ہوگا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

1 – تِیمُتھِیُس 4: 11-13



**زبُور 103: 2**

**اَے میری جان! خُداوند کو مُبارک کہہ اور اُس کی کِسی نِعمت کو فراموش نہ کر۔**

بچو، خداہمیں کیوں کہتا ہےکہ اسکی نعمتوں کونہ بھولیں؟ کیونکہ اسےبھولنا آسان ہےاوراس لیےحوصلہ ہارنا آسان ہے۔ ہمیں اسکےفوائد کویاد رکھنا چاہیے تاکہ ہم وہ کام کرتےہوئےنہ تھکیں جو وہ ہمیں کہتا ہےجیسےکہ روح جیتنا۔ کچھ چیزیں ایسی ہیں جوخدا ہمیں کرنےکیلئےکہتا ہیں جن کےدوسروں سےزیادہ فائدےہیں اور روح جیتنا ان میں سےایک ہے۔

ایک اہم فائدہ الٰہی تحفظ ہے۔ یسوع روح کوجیتنےوالوں کی حفاظت کرتا ہے جیسےکوئی اورنہیں کیونکہ وہ جانتا ہےکہ وہ اپنا مشن کر رہےہیں۔ جس لمحےآپ روحوں کوجیتنےکا فیصلہ کرتےہیں، فرشتوں کی فوجیں آپکےساتھ جانےکیلئے تیارہوتی ہیں۔ ایک اورفائدہ الٰہی فراہمی ہے۔ جیساکہ آپ روحوں کوجیتنےکا خیال رکھتےہیں، خدا آپکےمتعلق ہرچیزکاخیال رکھتا ہے۔ روح جیتنےوالوں کوکبھی کمی نہیں ہوتی۔ آج، روح کے جیتنےکےفوائد کا مطالعہ کریں اورباہرجانےاور روحوں کو جیتنے کیلئےحوصلہ اکٹھا کریں۔

## نبوتی اقرار

**جب میں روحوں کو جیتنے کیلئے نکلتا ہوں تو میں میری آسمان سے حفاظت اور دفاع کیا جاتا ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

لُوقا 10: 1



**2 – کُرِنتھِیوں 5: 21**
**جو گُناہ سے واقِف نہ تھا اُسی کو اُس نے ہمارے واسطے گُناہ ٹھہرایا تاکہ ہم اُس میں ہو کر خُدا کی راست بازی ہو جائیں۔**

کیا آپ نے کبھی استاد کے پالتو کے بارے میں سنا ہے؟ کبھی کبھی اسکول میں، ہمیشہ ایک طالبعلم ہوتا ہے جسے تمام جوابات صحیح آتے ہیں، اور استاد انہیں پسند کرتا ہے۔ اگرچہ دوسرے طلباء استاد سےخوفزدہ ہوسکتے ہیں، لیکن وہ طالبعلم کبھی نہیں ڈرتا اور استاد کےپاس پراعتمادی سےآتا ہے۔ ہم کہتےہیں کہ طالبعلم استاد کیساتھ صحیح کھڑاہے۔

خداکی بادشاہی میں، آپ خداکےپسندیدہ ہیں کیونکہ آپ راستبازپیدا ہوئےتھے۔ یعنی آپ خداکےسامنےبغیر کسی الزام کے، چھوٹا محسوس کیے، یا سوالات کا سامنا کیےبغیرکھڑےہوسکتےہیں۔ لہذا، آپکو اس خوف سےاسکےپاس جانےکی ضرورت نہیں ہےکہ وہ آپکو اسکی سزا دے گا جو آپ نےکل کیا تھا۔ آپکو زیادہ راستباز بننےکیلئےدعا کرنےکی ضرورت نہیں ہے۔ آپ راستباز پیدا ہوئے تھے !

## نبوتی اقرار

**میں خدا کی راستبازی ہوں اور یسوع کے قادر نام سے گناہ کا مجھ پر کوئی طاقت یا اثر نہیں ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 6: 14



**رُومِیوں 10: 10**

**کیونکہ راست بازی کے لِئے اِیمان لانا دِل سے ہوتا ہے اور نجات کے لِئے اِقرار مُنہ سے کِیا جاتا ہے۔**

کیا آپ نےکبھی غورکیا ہےکہ اگرآپ اپنی سائیکل چلاتےہیں، تو آپ اپنی توجہ کی سمت میں چلاتےہیں؟ یہاں تک کہ اگرآپ دائیں جانا چاہتےہیں، اگرآپ بائیں طرف دیکھیں گے، تو آپ اس سمت جائیں گےجس طرف آپ دیکھ رہےہیں۔ یہی ہوتا ہے جب آپ راستباز ہونےکی بجائے اچھا بننےپرتوجہ دیتے ہیں۔

آپ جتنا زیادہ اپنی غلطیوں اورناکامیوں پرتوجہ دیں‌گے، اتنا ہی آپ انکےبن جائیں گے۔ آپکو جنت میں جانےکیلئےصحیح زندگی گزارنےیا اچھے ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ آپ میں یسوع پہلے ہی کافی اچھا ہے اور وہ آپ میں رہتا ہے! آپ راستباز پیدا ہوئے تھے اور اس لیےجہاں بھی بائبل میں آیات ہیں جو راستبازوں کےبارے میں بات کرتی ہیں وہ آپ کیلئےہیں! خود کوبتاتے رہیں کہ آپ راستباز ہیں اورآپ راستبازی کےکام کرنےلگیں گے۔

## نبوتی اقرار

**میری توجہ راستبازی پر ہے۔ میں مسیح میں راستباز ہوں اور یسوع کے قادر نام سے گناہ کا مجھ پر کوئی اختیار نہیں ہے !**

**مزید مطالعہ**

2 – کُرِنتھِیوں 3: 18



**رُومِیوں 5: 17**

**کیونکہ جب ایک شخص کے گُناہ کے سبب سے مَوت نے اُس ایک کے ذرِیعہ سے بادشاہی کی تو جو لوگ فضل اور راست بازی کی بخشِش اِفراط سے حاصِل کرتے ہیں وہ ایک شخص یعنی یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے ہمیشہ کی زِندگی میں ضرُور ہی بادشاہی کریں گے۔**

کیا آپ نےکبھی غور کیا ہےکہ ایک استاد اکثر اپنےپسندیدہ طالبعلم کوذمہ داری کےعہدوں پرکیسےرکھتا ہے؟ کلاس مانیٹریا گروپ کےلیڈر کیطرح؟ بالکل یہی ہمارا آج کا صحیفہ کہتا ہےجب آپکو معلوم ہوگا کہ آپ راستبازہیں۔ آپ خداکی الہی صلاحیت اورحکمرانی تک رسائی حاصل کرتےہیں۔

اب آپ کسی بھی چیزکےذمہ دارہوتےہیں۔ جب آپ اپنی غلطیوں پرتوجہ دینا چھوڑدیتےہیں اوراس حقیقت پرتوجہ رکھتےہیں کہ آپ راستبازپیدا ہوئےہیں، تو آپ جہاں کہیں بھی جائیں نظرنہ آنیوالی طاقت سےآسانی سےآگےبڑھ سکتےہیں۔ لہذا آج، جب ابلیس آپکو یاد دلاتا رہتا ہےکہ آپ کتنےبرےہیں، اس بات پرتوجہ رکھیں کہ آپ کلام کےذریعےمسیح میں کتنےدرست ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں مسیح میں بادشاہ کےطورپرحکومت کرتا ہوں، میں یسوع کےقادر نام سےبہت زیادہ فضل میں چلتا ہوں! میں مسیح میں طاقت اوراختیار میں چلتا ہوں۔**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 5: 21



رُومِیوں 8: 9

**لیکن تُم جِسمانی نہیں بلکہ رُوحانی ہو بشرطیکہ خُدا کا رُوح تُم میں بسا ہُؤا ہے۔ مگر جِس میں مسِیح کا رُوح نہیں وہ اُس کا نہیں۔**

تصور کریں کہ آپ ٹوٹی ہوئی کھڑکیوں، ڈھیلےفرش اورٹپکتی ہوئی چھت والےگھر منتقل ہوتےہیں۔ جب مرمت کرنیوالا آئیگا تو کیاوہ آپکوٹھیک کریگا یا گھر؟ جب آپ نئےسرےسےپیدا ہوئےتوایسا ہی تھا۔ آپ دیکھتےہیں، کبھی کبھی آپکا جسم (نفس) غصےمیں آجاتاہے، برےخیالات سوچتا، اورصحیح کام نہیں کرتاہے۔ کیونکہ آپ حقیقت میں آپکا جسم نہیں بلکہ آپکی روح ہیں۔

آپ اپنی روح میں راستبازپیدا ہوئےتھےاورچونکہ خدا روح ہے، وہ صرف آپکی روح پرتوجہ دیتاہے۔ آپکی روح کامل ہے، اوراس لیےخُدا کبھی بھی آپکو مجرم نہیں ٹھہراسکتاکیونکہ آپکی روح وہی ہےجو اُسکی ہے۔ اس سےکوئی فرق نہیں پڑتاہے کہ آپکاجسم یا ابلیس آپکوکیسےکہہ رہا ہےکہ آپکو اپنےبارےمیں برا محسوس کرناچاہئے، اونچی آوازمیں کہتےرہیں؛ یسوع کا شکریہ کہ میں اچھا ہوں کیونکہ آپ مجھ میں اچھےہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنا جسم نہیں، میں اپنی روح ہوں۔ جہنم کا مجھ پر کوئی اختیار نہیں ہے، یسوع نے سب کو فتح کر لیا ہے !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 4: 24



**مرقس 2: 26**

**وہ کیوں کر ابیاؔتر سردار کاہِن کے دِنوں میں خُدا کے گھر میں گیا اور اُس نے نذر کی روٹِیاں کھائِیں جِن کو کھانا کاہِنوں کے سِوا اَور کِسی کو روا نہیں اور اپنے ساتِھیوں کو بھی دیں؟**

اگر ایک شخص تھاجو جانتا تھاکہ وہ راستبازہے اوراس سےفائدہ اٹھایا تو وہ داؤد تھا۔ یسوع ایک ایسےوقت کوبیان کر رہے ہیں جب داؤد نےکاہنوں سےروٹی لی جبکہ کسی کواجازت نہیں تھی کیونکہ وہ مرجائیں گے۔ پھر بھی داؤد نےاسےدلیری سے پکڑا اور کھایا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ وہ خدا کابیٹا ہےاوراس لیے راستباز ہے۔

وہ جانتا تھاکہ وہ خدا کا پسندیدہ ہے۔ جب آپ جانتےہیں کہ آپ راستبازہیں تو آپ وہ چیزیں لےسکتےہیں جو دوسروں کے پاس نہیں ہیں۔ آپ دلیرہوجاتےہیں اوراپنی زندگی میں بےشمارعجائبات کا حکم دینا شروع کرتےہیں۔ داؤد نےجو کچھ کیا وہ اپنے آپکویاد دلانےکیلئے تھا کہ وہ راستبازتھا اوریہ پرانےعہد نامےمیں تھا! آپ اس سےزیادہ نہیں ہیں جو نئےسرے سے پیدا ہوئے ہیں؟

## نبوتی اقرار

**میں شیر کی طرح دلیر ہوں۔ کوئی طوق مجھے جکڑے ہوئے نہیں، فتح میری ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

امثال 28: 1



**زبُور 103: 2**

**آے میری جان! خُداوند کو مُبارک کہہ اور اُس کی کِسی نِعمت کو فراموش نہ کر۔**

بہت سے مسیحی راستبازی کے ذریعے خدا کےحیرت انگیز فوائد سےمحروم ہو جاتےہیں کیونکہ وہ نہیں سوچتے کہ وہ راستباز ہیں۔ جب وہ بائبل پڑھتےہیں، تو وہ شریروں کےبارے میں پڑھتےہیں، یہ سوچتے ہیں کہ یہ انکے بارے میں بات کر رہا ہے۔ بچو، بائبل خدا کا کلام نہیں ہے۔ اس میں (خدا کا کلام) موجود ہے۔ یعنی بائبل میں موجود ہرچیز آپ کیلئے نہیں ہے، آپ کو صحیفوں کو تلاش کرنا ہوگا تاکہ آپ کیلئےکیا کلام ہے۔

شکر ہے، روزنامہ خوشخبری اسے آپ کیلئے آسان بناتا ہے۔ مثلاً، اب جب کہ آپ جانتے ہیں کہ آپ امثال 10: 6 میں راستباز ہیں آپ پر بہت زیادہ برکتیں ہیں۔ آج مزید مطالعہ میں اچھے عقلمند لوگوں (راستباز) کے بارے میں بتانے والی آیات کو دیکھیں اور روزانہ ان پر دھیان کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں پھل لاتا ہوں کیونکہ میں راست باز ہوں۔ میں یسوع کے قادر نام سے اپنی نسل کے لیے راستبازی کا بلوط ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

امثال 10: 6



**1 – یُوحنّا 4: 17**

**اِسی سبب سے مُحبّت ہم میں کامِل ہو گئی ہے تاکہ ہمیں عدالت کے دِن دِلیری ہو کیونکہ جَیسا وہ ہے وَیسے ہی دُنیا میں ہم بھی ہیں۔**

خدا کی حمدہویسوع آپ پراچھا لگتاہے! وہ واقعی لگتاہے۔ وہ آپ پرراستبازنظرآتاہے۔ آج کیلئےہماری خوشخبری ہمیں بتاتی ہےکہ ہروہ چیزجو یسوع ہے، آپ بالکل وہی ہیں۔ اس کی فطرت، طاقت، سب کچھ بالکل ویسا ہے! جب خُداآپ کیطرف دیکھتا ہے، تو آپ یسوع کی عین نقل ہوتےہیں۔

ہم ہمیشہ کہتےہیں، ایسا کچھ نہیں ہےجوخدانہیں کرسکتا، لیکن ایک چیزہے؛ وہ آپکا یسوع کےبغیرذکرنہیں سکتا۔ آپ یسوع کیطرح راستبازہیں اورآپ اس سےزیادہ راستبازنہیں ہوسکتے۔ آپ راستباز بننےکیلئے روزہ رکھنےیا دعا کرنےکی کوشش نہیں کرسکتے، آپکو صرف اس کیساتھ پیدا ہوناہے، اورخدا کا شکرہےکہ آپ ہوئےہیں۔ آج، یہ جانتےہوئےکہ شیطان کا آپ پرکچھ اختیارنہیں ہےسراٹھاکرچلیں اوریہ اعلان کرتےرہیں کہ یسوع مجھ پراچھا لگتاہے !

## نبوتی اقرار

**جب وہ مجھےدیکھیں گےتو وہ مسیح کو دیکھیں گے۔ مسیح مجھ میں، مسیح میرے آس پاس، مسیح میرے اوپر مسیح میرے نیچے اورمسیح میرے لباس میں !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 13: 14



**اِفِسیوں 1: 4**

**چُنانچہ اُس نے ہم کو بنایِ عالَم سے پیشتر اُس میں چُن لِیا تاکہ ہم اُس کے نزدِیک مُحبّت میں پاک اور بے عَیب ہوں۔**

بہت سارےلوگ ایسےہیں جو بہت دعا کررہےہیں اورخدا کےسامنےاچھا رہنےکی کوشش کررہےہیں، خداکےراستبازاورچنے ہوئےہونےکی دعا کررہےہیں۔ مجھےان لوگوں پرافسوس ہوتاہےکیونکہ وہ نہیں جانتےکہ چنےجانا، مقدس اورراستبازپیداہونا نہایت آسان ہے۔ کچھوا چیتا کیطرح تیزرفتارہونےکی دعا نہیں کرسکتا۔ نہیں، اسےچیتا پیداہوناہےاور بس بھاگناہے !

ہمارا صحیفہ آپکوبتا رہا ہے کہ آپکو خدا کیطرف سےدنیا کےبننےسےپہلےہی اربوں لوگوں میں سےچُن لیا گیا تھا، مقدس اور راستبازہونے کیلئے۔ بےداغ ہونےکیلئے چُناگیا۔ یعنی اگرکوئی آپکےبارےمیں خدا سےکچھ برا کہے تو وہ نہیں سنےگا! یہ وہ برکتیں اور نعمتیں ہیں جن کے لیے دوسرے لوگ کوشش کر رہے ہیں، لیکن آپ کو چنا گیا۔ آج، جان لیں کہ آپ کبھی غلطی نہیں تھے کیونکہ آپ کو خود خدا نے چنا تھا۔

## نبوتی اقرار

**مجھے زمین کے بننے سے پہلے چنا گیا تھا، مجھے خدا کے ساتھ دائیں طرف کھڑا رہنے کے لیے چنا گیا۔ مجھے چننے کے لیے خداوند یسوع آپ کا شکریہ! ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 1: 5-4

# GOD'S PROMISES

Psalms

GOD IS ALWAYS FAITHFUL.

GOD WILL NEVER LEAVE YOU.



GOD WILL HELP YOU.

GOD WILL COMFORT YOU.

GOD KEEPS HIS PROMISES

GOD WILL LOVE YOU FOREVER.

GOD WILL KEEP YOU SAFE.



**اِفِسیوں 1: 5**

**اور اُس نے اپنی مرضی کے نیک اِرادہ کے مُوافِق ہمیں اپنے لِئے پیشتر سے مُقرّر کِیا کہ یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے اُس کے لے پالک بیٹے ہوں۔**

بچو، کیا آپ جانتےہیں کہ خداکافخراورخوشی کیاہے؟ یسوع۔ یسوع کی زندگی دوسرےانسانوں کیطرح نہیں تھی۔ یہ طاقت، معجزات، نشانیوں، عجائبات سےبھری ہوئی تھی! وہ کبھی بیمار نہیں ہواتھا بلکہ ہمیشہ دوسروں کوشفادیتاتھا۔ اس نےمافوق الفطرت زندگی گزاری! اسکےبارےمیں کوئی ایسی چیزنہیں تھی جوفطری تھی۔ خدانےآپکواربوں میں سےوہی زندگی حاصل کرنےکیلئےچنا جسکا دوسرےصرف خواب دیکھتےہیں۔

امن اورآزادی سےبھرپورزندگی۔ جب خُدانےیسوع کوپانی پرچلتے، لوگوں کوکھاناکھلاتے، مُردوں کو زندہ کرتےاورطوفانوں کوحکم دیتےہوئےدیکھا، تو وہ صرف ایک چیزکےبارےمیں سوچ رہا تھا: آپ! وہ اس بارےمیں سوچ رہاتھاکہ وہ کسطرح چاہتا ہےکہ آپ اس سےبھی بڑےاورطاقتورکام کریں۔ کبھی بھی اپنےآپ پرشک نہ کریں اورنہ ہی اپنی عمرکیوجہ سےڈریں، آپکو اس زندگی کیلئے بنایا گیا ہےاوراب لازمی شروع کریں !

## نبوتی اقرار

**جیسا کہ یسوع ہے، میں بھی اس دنیا میں ہوں۔ میرا مقدر یسوع کیطرح جینا ہے۔ میری زندگی کا احتیاط سے منصوبہ بنایا گیا ہے۔ جلال !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 14: 12



**یرمِیاہ 1: 5**

**اِس سے پیشتر کہ مَیں نے تُجھے بطن میں خلق کِیا۔ مَیں تُجھے جانتا تھا اور تیری وِلادت سے پہلے مَیں نے تُجھے مخصُوص کِیا اور قَوموں کے لِئے تُجھے نبی ٹھہرایا۔**

بہترین گیجٹ یادوائیاں عوام کوتب تک فروخت نہیں کی جاتیں جب تک انکی اچھی طرح جانچ نہ کرلیجائے۔ وہ بہت سے تجربات اورٹیسٹوں سےگزرتےہیں جب تک بنانےوالوں کویقین نہ ہوجائےکہ انکےآلات یا دوائیں لوگوں کونقصان نہیں پہنچائیں گی بلکہ انکی زندگیوں کوآسان اوربہتربنا ئیں گی۔ جب وہ مکمل طورپرمطمئن ہوجاتےہیں، تو وہ اپنےگیجٹس اور ایجادات کو لیبل لگاتےہیں یا نام دیتےہیں تاکہ لوگوں کویہ دکھایاجاسکےکہ وہ انکی چیزوں پرفخرکرتےہیں۔

اسی طرح ماں کےپیٹ میں پیداہونےسےپہلےخدا آپکےساتھ ابد تک وقت گزارچکاتھا اورآپ سےبہت خوش تھا۔ پھراس نے آپکو اپنی روح کےساتھ لیبل کیا تاکہ پوری دنیا کومعلوم ہو کہ وہ آپ پر کتنا فخرکرتا ہےاور وہ کتنا پراعتماد ہےکہ آپ دنیا کو ایک بہتر جگہ بنائیں گے۔

## نبوتی اقرار

**میں پیدا ہونے سے پہلے ہی معلوم تھا۔ خدا سب سے پہلے مجھ سے راضی تھا۔ خدا کو مجھ پر فخر ہے۔ یسوع آپ کا شکریہ !**

## مزید مطالعہ

یرمِیاہ 1: 5-4



**1 - پطرؔس 2: 9**

**لیکن تُم ایک برگُزِیدہ نسل۔ شاہی کاہِنوں کا فِرقہ۔ مُقدّس قَوم اور اَیسی اُمّت ہو جو خُدا کی خاص مِلکِیّت ہے تاکہ اُس کی خُوبِیاں ظاہِر کرو جِس نے تُمہیں تارِیکی سے اپنی عجِیب رَوشنی میں بُلایا ہے۔**

ہم اب آخری ایام میں ہیں، آخرکاآخر، جیساکہ میں عام طورپرکہتا ہوں۔ اٹھائےجانےسےپہلےہم مسیحیوں کی آخری نسل ہیں۔ اس وقت کےدوران زیادہ سےزیادہ روحوں کوجیتنےکیلئےایک ناقابل یقین جلدبازی اوربےچینی ہے۔ تاہم، اسی وقت میں ابلیس پہلےسےزیادہ اپنےمنشیوں کیساتھ بھاگ رہا ہےتاکہ روحوں کوگم رکھے !

یہ دنیابھرکےمسیحیوں کیلئےپریشان کن دورہےلیکن اس سب میں، خدانےاس وقت کےدوران زندہ رہنےکیلئےطاقتورایلیاہ کو نہیں چنا۔ اس نےاٹھائےجانےکیلئےتیارمسیحی دوڑ کومکمل کرنےکیلئےکمال پولس یا دلیر داؤد کونہیں چنا۔ حتیٰ کہ یشوع بھی نہیں جس نےسورج کو روکا۔ نہیں، اس نےآپکو چنا! وہ تمام جرنیل روح القدس کیساتھ جہاں آپ ہیں وہاں ہونےکیلئےبےچین تھے۔ خداکوآپ پریقین ہےاوریہ کہ آپ زیادہ سےزیادہ روحوں کو اکٹھا کریں گے۔ آپکی زندگی کامقصد آپکےخیال سےبڑا ہے۔

## نبوتی اقرار

میں اس وقت کیلئےپیدا ہوا تھا، یسوع کے قادر نام سے جنت کو بھرنےاور جہنم کو خالی کرنے کیلئے۔ آمین !

## مزید مطالعہ

آستر 4: 14



**1 - پطرؔس 2: 9**

**لیکن تُم ایک برگُزِیدہ نسل۔ شاہی کاہِنوں کا فِرقہ۔ مُقدّس قَوم اور اَیسی اُمّت ہو جو خُدا کی خاص مِلکِیّت ہے تاکہ اُس کی خُوبِیاں ظاہِر کرو جِس نے تُمہیں تارِیکی سے اپنی عجِیب رَوشنی میں بُلایا ہے۔**

قدیم زمانےمیں، بادشاہ کاہنوں کےبہت قریب ہوتاتھا اوراس لیے، اس وقت کےکاہن عام طورپرمعاشرےکےامیرلوگوں سے بھی زیادہ بہتر زندگی گزارتےتھے۔ ایک کاہن لوگوں کیلئےدعا کرتا اوراہم معاملات پربادشاہ کومشورہ دیتا۔ زیادہ تروقت بادشاہ اپنےمشیروں سےزیادہ کاہن کی نصیحتوں کوسنتا تھا اس لیےکسی قوم کی تقدیر پرکاہنوں کابہت اثرتھا۔

آپکومعلوم ہونا چاہیےکہ آپکوخدا کاکاہن بننےکیلئےچناگیاتھا۔ سنیں، اگرآپکےخاندان یاملک میں کوئی مسئلہ ہے، تو خدا آپکی سنےگا اورکسی دوسرےمشیرکی نہیں۔ آپکوقوموں کیلئےدعا کرنےکیلئےاحتیاط سےچنا گیا۔ کیا آپ سمجھتےہیں کہ آپ زمین پر اتنےاہم کیوں ہیں؟ اگرآپ دوسروں کیلئےدعا نہیں کریں گےتوابلیس انکی زندگیوں میں تباہی پھیلا دیگا۔ جیسےہی آپ دعا کرتےہیں، خدا آپکی دعاؤں کی بنیادپر قوموں کےنتائج کا فیصلہ کرتاہے۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے کاہن کے فرائض کو سنجیدگی سےلیتا ہوں۔ جیسا کہ خدا میری سنتا ہے، میں جانتا ہوں کہ میری دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

1 – تِیمُتھِیُس 2: 1-4



**مُکاشفہ 1: 6**

**اور ہم کو ایک بادشاہی بھی اور اپنے خُدا اور باپ کے لِئے کاہِن بھی بنا دِیا۔ اُس کا جلال اور سلطنت ابدُالآباد رہے۔ آمِین۔**

اس وقت زمین پر 43 بادشاہوں کا ریکارڈ ہے۔ یہ اعداد و شمارغلط ہیں کیونکہ انہوں نے آپکو شمار نہیں کیا۔ جیساکہ آپ خُدا کیساتھ اپنے درست تعلق کےذریعے فضل میں آگے بڑھیں گے، آپ زمین پرایک بادشاہ کےطورپرحکومت کریں گے۔ خدا نے آپ کو اس زمین پرحکومت کرنےاورایک بادشاہ کیطرح رہنےکیلئےچناہے۔ آپکےپاس دنیا کےبادشاہوں سےزیادہ طاقت ہے کیونکہ وہ اپنےممالک پرحکومت کرنےتک محدود ہیں، خواہ وہ چھوٹےہوں یا بڑے، اورلوگ انکی رعایا ہے۔

تاہم، آپکے پاس پوری دنیا ہے کیونکہ آپ ابراہیم کی نسل ہیں اور مخلوق آپکی رعایا ہے. یعنی درخت، بارش اورعمارتیں آپکا حکم سن سکتی ہیں۔ یاد ہے کہ یشوع نےسورج کوکیسےحکم دیا تھا؟ آج خودکوبتاتےرہیں کہ آپ مسیح میں بادشاہ ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اس دنیا میں ایک بادشاہ کی طرح زندگی گزاروں گا، میں مخلوق کو حکم دوں گا کہ وہ وہی کریں جو میں یسوع کے نام پر کہتا ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یشُوع 10: 12-13



**اِفسیوں 1: 4**
**چُنانچہ اُس نے ہم کو بناءِ عالَم سے پیشتر اُس میں چُن لِیا تاکہ ہم اُس کے نزدِیک مُحبّت میں پاک اور بے عَیب ہوں۔**

زمین کی تشکیل سےپہلے، آپکوچنا گیا تھا. اس سےپہلےکہ خُدا نےگھاس کا رنگ چنا یا پہاڑکتنا اونچاہونا چاہیے، اُس نے آپکو چُنا۔ ایسا کوئی ملک نہیں ہے جہاں آپ سفرنہیں کرسکتے کیونکہ آپکو سرحدوں کےبننےسےپہلےچنا گیا۔ اس سےپہلے کہ لہریں ساحلوں سےٹکرائیں اور درخت لگائےگئے، آپکو چنا گیا۔

کچھ ہونےسےپہلے ہی اس کےہونٹوں پر آپکا نام تھا۔ تو پھر، آپ سےبڑا کوئی نہیں ہے، کیونکہ آپ سب سے بڑے ہیں۔ اگر خدا نے آپ کو دنیا کی بنیادوں سے پہلے چنا تھا، تو آپ اپنے باپ خدا کیطرح دنوں سےزیادہ قدیم ہیں۔ آپکو اس لیے چنا گیا تھا کہ مخلوق آپ کی بات سن سکے کیونکہ آپ اس سے پہلے چنے گئے تھے۔ خدا کو جلال ہو!

## نبوتی اقرار

**میری زندگی معنی رکھتی ہے اور میں اس سے بڑا ہوں جتنا میں سوچتا ہوں۔ مجھے خدا نے یسوع کے قادر نام سے بڑی چیزوں کیلئے چنا ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یرمِیاہ 1: 5



**یُوحنّا 14: 15**
**اگر تُم مُجھ سے مُحبّت رکھتے ہو تو میرے حُکموں پر عمل کرو گے۔**

ہماری آج کی آیت میں یسوع ہمیں بتاتاہے کہ وہ کسطرح محبت کرنا چاہتا ہے۔ بہت سے لوگ تھے، بشمول شاگردجو یسوع کی صحبت سےلطف اندوزہوتےتھے۔ اس نےحکمت کی باتیں کیں، انہیں ہنسایا اورانہیں شفا دی۔ لوگ آسانی سےکہہ سکتے ہیں، وہ یسوع سے محبت کرتے ہیں کیونکہ وہ وقت گزارنےکیلئےبہت اچھی صحبت ہے، لیکن یسوع کےذہن میں یہ لوگ اس سے محبت نہیں کرتےتھے۔

آپ دیکھیں، اگر کوئی آپکےگھر آکرآپکےساتھ وقت گزارنےمیں لطف اندوزہوتا ہےلیکن آپکی ہدایت کونظراندازکرتاہےتو وہ آپکی عزت نہیں کرتے۔ ہو سکتا ہے، آپ ان سےکہیں کہ کھانا فرش پرنہ گرائیں کیونکہ آپ مشکل میں پڑجائیں‌گے، لیکن وہ نظراندازکرتےہیں اورکھانا گراتےرہتےہیں۔ کیایہ ایک اچھا احساس نہیں ہے، ہے؟ خیر، یسوع کیلئے، صرف وہی لوگ اس سےمحبت کرتےہیں جو اسکی ہدایات پرعمل کرتےہیں۔ آج، روح القدس کوسنیں جیسا کہ وہ آپکو ہدایت دیتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں کلام پر عمل کرنے والا ہوں اور جب مجھے کہا جائے گا میں ہدایات پر عمل کروں گا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یعقُوب 1: 22



1 - کُرِنتھِیوں 14: 1
**مُحبّت کے طالِب ہو اور رُوحانی نِعمتوں کی بھی آرزُو رکھّو۔ خصُوصاً اِس کی کہ نبُوّت کرو۔**

سپر مین میں آپکی پسندیدہ سپر پاورکون سی ہے؟ شایدآپ تمام قوتیں چاہتےہیں لیکن ہم یہ کہتےہیں کہ آپکو لیزرآنکھیں سب سے زیادہ پسند ہیں۔ آپ لیزر آنکھوں کا استعمال سیکھنےکی کوشش کرتےرہتےہیں لیکن اس میں بہت وقت لگ رہاہےاورپھر بھی آپکےشہرکو آپکی ضرورت ہے۔

کیا یہ بہترنہیں ہوگاکہ سپرمین آئےاورآپکےساتھ رہےاورآپکودکھائےکہ لیزرآنکھیں اوراپنی تمام طاقت کیسےاستعمال کی جاتی ہے؟ یقیناً، آپ چاہیں گے، یہ تیز تر ہوگا۔ بہت سے روحانی تحفوں مثلاً نبوت، شفا یابی، معجزات میں سے انتخاب کرنے کے لیے، بہت سے لوگ کسی ایک میں مہارت حاصل کرنے کی کوشش میں پھنس جاتے ہیں۔ ایک بہت بہتر طریقہ ہے۔ آپ کے گھر میں سپرمین ہو، اسی طرح، آپ میں خدا کا ہونا بہترین ہے۔ چونکہ خدا محبت ہے، تمام تحائف تک رسائی کا بہترین طریقہ محبت میں چلنا ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں تحائف سے آگے زندگی گزارتا ہوں جیسا کہ میرے اندر تحائف کا مالک ہے، یسوع مسیح۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

1 - یُوحنّا 4: 4



**یُوحنّا 3: 16**
**کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی مُحبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اِکلَوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔**

ٹی وی پرایک اشتہارہےجس میں ایک نوجوان لڑکا اپنی ماں کیساتھ بس میں ہے۔ ماں اس کیلئےاسکی پسندیدہ چاکلیٹ لیکر آئی تھی اوروہ وہیں ایک بائٹ لیناچاہتاتھا۔ ماں نےسختی سےکہا رات کےکھانےسےپہلےنہیں۔ لڑکا اداس تھاکیونکہ وہ جانتا تھا، سفر لمبا ہو گا، اور پھر اس نے دیکھا کہ اسکےساتھ والی ایک عورت چپکےسےرو رہی ہے۔

اسےکوئی اندازہ نہیں تھا اسکو بہترمحسوس کروانےکیلئےکیاکرے، اس نےاسےاپنی اکلوتی قیمتی چیز دی جو اسےخوشی دیتی تھی، اسکی چاکلیٹ۔ عورت اس لڑکےکی محبت پرمسکرانےاورہنسنےکےسواکچھ نہ کرسکی۔ تو آپ واقعی کیسے جانتےہیں کہ خدا آپ سےمحبت کرتا ہے؟ اس نےآپکو اپنی اکلوتی قیمتی چیزدی جو اسےخوشی دیتی تھی، اور وہ ہےیسوع۔ جب آپ خُداکوثابت کرناچاہتےہیں کہ آپ اُس سےمحبت کرتےہیں، تو اُسےوہ دیں جوآپ سب سےزیادہ پسندکرتےہیں۔

## نبوتی اقرار

**میری محبت کا ثبوت میرے دینےمیں ہے۔ میرا دینا اس سال زمین پرجنت کےسال میں مزید گہرا ہو جائے گا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

مرقس 12: 44-41



**یرمیاہ 33: 3**

**کہ مُجھے پُکار اور مَیں تُجھے جواب دُوں گا اور بڑی بڑی اور گہری باتیں جِن کو تُو نہیں جانتا تُجھ پر ظاہِر کرُوں گا۔**

تصور کریں کہ ایک بچہ اپنےباپ کیساتھ رہتاہےلیکن باپ نےکبھی بات نہیں کی۔ جب بھی بچہ اس سےبات کرتاتو وہ خاموش رہتا۔ یہ ایک خوفناک تجربہ ہوگا نا؟ کیوں بہت سےلوگ سمجھتےہیں کہ خدا، انکا باپ ان سےبات نہیں کرتا؟ کیسےہوسکتا ہےکہ آپ اس سےپیدا ہوئےہیں، اور وہ آپ سے بات کرناچھوڑدیتا ہے؟

بچو، خدا بولتاہےاور وہ ہروقت آپ سےبات کرتا ہے۔ آپ اسےنہیں سنتےاسکی واحد وجہ یہ ہےکہ آپ غلط کانوں کا استعمال کرتےہیں۔ وہ انسان نہیں ہے اورنہ آپ ہیں تو آپ انسانی کان کیوں استعمال کریں گے؟ یاد رکھیں، خدامحبت ہے، اور اسی لیے آپ محبت سےپیدا ہوئے۔ جب آپ چلنا، بات کرنا، اور محبت کےبارے میں سوچنا شروع کردیں گے، آپ اپنےباپ کوسنیں گے۔ کلام کےذریعےخدا کی محبت پردھیان کریں۔

## نبوتی اقرار

**خدا مجھ سے بات کرتا ہےاور وہ ہمیشہ مجھ سےبات کرتا ہے۔ جب میں محبت میں چلتا ہوں، میں اسے یسوع کےقادر نام سے سنتا ہوں !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 10: 27



**رُومِیوں 13: 8**

**آپس کی مُحبّت کے سِوا کِسی چِیز میں کِسی کے قرض دار نہ ہو کیونکہ جو دُوسرے سے مُحبّت رکھتا ہے اُس نے شرِیعت پر پُورا عمل کِیا۔**

آپ اس بات سے اتفاق کرسکتے ہیں کہ جو آپ سے محبت کرتا ہے اس سے محبت کرنا بہت آسان ہے۔ اس لمحے کیا ہوتا ہے جب وہ شخص آپکے ساتھ اچھا ہونا چھوڑدیتا ہے یا آپکے ساتھ کچھ غلط کرتا ہے؟ بہت سے لوگ کہیں گے، وہ اس شخص کو مزید پسند نہیں کرتے کیونکہ وہ بہت برا رہا ہے۔

یہ مشروط محبت ہے، جہاں آپ کسی سے محبت کرتے ہیں یا صرف اس صورت میں پسندکرتے ہیں جب وہ آپ کیساتھ اچھا ہو۔ اسطرح وہ لوگ جو مسیح کو نہیں جانتے چاہے وہ اسے نہیں جانتے، لیکن آپکے پاس مسیح ہے، اوریہاں تک کہ اگرکوئی آپکے ساتھ ناانصافی کررہا ہے تو اسکامطلب یہ نہیں ہے کہ آپ ان سے محبت کرنایاانکے لیے دعا کرناچھوڑدیں۔ بالکل یسوع کیطرح، ایسے لوگ ہوں گے جوآپکے ساتھ برا سلوک کریں گے لیکن یسوع کیطرح، آپ کو کبھی بھی کسی سے محبت کرنابند نہیں کرناچاہیے! ان کیلئے دعا کرتے رہیں اورمہربان رہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں آج فیصلہ کرتا ہوں کہ ہر کسی سے محبت کروں چاہے میں کیسا محسوس کروں۔ خدا کی محبت مجھ پر ہے اور میں اسے دوسروں کے ساتھ بانٹتا ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

لُوقا 6: 27



رُومِیوں 5: 8
**لیکن خُدا اپنی مُحبّت کی خُوبی ہم پر یُوں ظاہِر کرتا ہے کہ جب ہم گُنہگار ہی تھے تو مِسیح ہماری خاطِر مُؤا۔**

مجھےآج ہماراصحیفہ پسندہے۔ جبکہ دنیا ابھی تمام غلط کاموں کیوجہ سےخداکی دشمن تھی، مسیح ہمارےلیےمرا۔ یہ اسکول میں اس لڑاکا لڑکےکےہونےجیسا ہےاورچونکہ آپ ان سےپیارکرتےہیں، آپ نےانہیں انکی سالگرہ کےموقع پراپنابہترین تحفہ دیا !

ہم یسوع کیطرح محبت کیسےکرتےہیں؟ آپ دیکھتےہیں کہ اس نےغیرمشروط محبت کی، یعنی اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ اسےپسند کرتےہیں یا نہیں اس نےپھربھی آپ سےمحبت کی۔ اس قسم کی محبت خداجیسی محبت ہے، اوریہ وہی ہے جولوگوں کومسیح کیطرف بدل دیتی ہے۔ اس نےیسوع کیلئےکام کیا اوریہ آپکےلیےکام کریگا۔ آپ صرف تب اسطرح محبت کرسکتےہیں اگرآپ میں مسیح ہو، ورنہ، یہ ناممکن ہے۔ جب آپ یسوع کی محبت پرصحیفے پڑھیں گے، آپ خودکولوگوں سےایسےمحبت کرتا پائیں‌گے جیسے پہلے کبھی نہیں کیا۔

## نبوتی اقرار

**میں سب کو محبت کے سوا کچھ نہیں دینا چاہتا۔ میں مسیح کی طرح محبت کرتا ہوں، اور محبت کے ذریعے میں اس دنیا کو بدل دوں گا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 2: 4



**یُوحنّا 3: 16**

**کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی مُحبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اِکلَوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔**

بہت سےلوگ اب بھی پوچھتےہیں، میں محبت میں کیسےچلوں؟ سب سےپہلے، آپکوبغیرکسی شک کےجان لیناچاہیےکہ آپ میں خداکیطرف سےاس کیطرح محبت کرنےکی صلاحیت ہے۔ پھر، ہمیں آج کی آیت سےیہ معلوم ہوتاکہ محبت کیسےکیجائے اوروہ دینےکےذریعےہے۔ جب آپ یسوع کی زندگی کےبارےمیں پڑھتےہیں، تو آپ دیکھیں گےکہ اس کی زندگی لوگوں کی مددکرنےکےبارےمیں تھی۔

وہ ہمیشہ دوسروں کی ضروریات کواپنےسےپہلےرکھتاہے۔ اس نےاپنےلیےصرف تب وقت لیا جب اس نےاکیلےدعا کی اور مزیدلوگوں کی مددکیلئےمضبوط اورتیارہونےکیلئےکلام کامطالعہ کیا۔ دوسروں کوپہلےرکھنا، دوسروں کیلئےدعاکرنا، دوسروں کوتسلی دینا اورحوصلہ افزائی کرنا وہ زیادہ گہری محبت ہےجس میں آپکو اس سال میں چلناچاہیے۔ جب آپ کلام کو کام کرنےدیں تویہ مشکل نہیں ہے۔ محبت اوریسوع کی خدمت کےبارے میں آیات تلاش کریں، اورجب آپ انکا اعلان کریں گے، آپ قدرتی طورپرمحبت میں چلیں گے۔

## نبوتی اقرار

**میں محبت میں زیادہ گہرا جا رہا ہوں یسوع کے قادر نام سے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 2: 4-3



**لُوقا 12: 7**

**بلکہ تُمہارے سر کے سب بال بھی گِنے ہُوئے ہیں۔ ڈرو مت۔ تُمہاری قدر تو بُہت سی چڑیوں سے زِیادہ ہے۔**

بچو، میں آپکے بارے میں نہیں جانتا، لیکن ہماری خوشخبری آج مجھےصرف یہ بتاتی ہےکہ خدا، آپکا باپ، آپ سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔ اس نےآپ پر نظر رکھنےکیلئےآپکےتمام بالوں کوگننےکیلئےوقت لیا۔ آپ دیکھتےہیں، ہردن کےاختتام پر، بڑے بینکوں کویہ یقینی بنانےکیلئےکہ سب کچھ ٹھیک ہے، والٹ میں موجود تمام رقم کوٹریک کرنا اورگننا پڑتاہے۔ لندن میں، ہیلی کاپٹر عام طورپر بینک کی عمارتوں کےاردگردپروازکرتےہیں تاکہ کسی بھی ڈاکو پرنظررکھیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اندر جوکچھ ہےوہ بہت قیمتی ہے۔

خدا نےآپ کےبارےمیں ہرتفصیل پر نظررکھ کرآپکےساتھ بھی ایسا ہی کیاہے۔ آپ صرف اسی پرنظررکھتےہیں جسےآپ قیمتی سمجھتےہیں۔ کیا آپ جانتےہیں کہ جب بھی آپ اُس کےبارےمیں سوچتےیا بات کرتےہیں، وہ کتابیں لکھتاہے؟ وہ اپنے بارےمیں آپکی رائےکی اتنی قدرکرتاہے۔ سنیں، آج، اپنےآپ کو یاد دلاتےرہیں کہ آپ کتنےقیمتی ہیں۔

## نبوتی اقرار

خدا مجھ سے ناراض نہیں ہے بلکہ وہ مجھ سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے، شکریہ، یسوع! جلال !

## مزید مطالعہ

ملاکی 3: 16



**رُومِیوں 8: 35**
**کَون ہم کو مسِیح کی مُحبّت سے جُدا کرے گا؟ مُصِیبت یا تنگی یا ظُلم یا کال یا ننگا پَن یا خطرہ یا تلوار؟**

بچو، آپکےلیےیہ معلوم ہونا ضروری ہےکہ خُدا نےآپکوکل یا اس دن سےمحبت کرناشروع نہیں کیا جس دن آپ نئےسرے سےپیداہوئےتھے۔ اس سےپہلےکہ آپکےوالدین آپکو جانتےیا آپ سےمحبت کرتے، خُدانےآپکےبارےمیں اپنا ذہن پہلےہی بنا لیاتھا۔ خُدانےآپ سےمحبت کی اس سےپہلےکہ آپ نےایک لفظ بولایا کچھ اچھایابرا کیایا اس سےپہلےکہ آپ اس کانام جانتے۔

اس سےصرف یہ ظاہرہوتاہےکہ اگرخُدانےآپکی پیدائش سےپہلےآپ سےمحبت کی تھی، تواب اُسےآپ سےمحبت کرنےسے کوئی چیزنہیں روک سکتی۔ اسکول میں ٹیسٹ کاکوئی برانتیجہ نہیں۔ کھیلوں کاکوئی برادن نہیں اورحتیٰ کہ آپکےوالدین یاآپ پر چِلاّنےوالےبڑےبھی خداکوآپ سےمحبت کرنےسےنہیں روک سکتے۔ حتیٰ کہ اگردوست آپکوچھوڑدیتےہیں، تو جان لیں، ایک ایسا ہےجو آپ سےمحبت کرناکبھی نہیں روکےگا چاہےآپ پرکیسابھی وقت گزررہاہے۔ آپکا یسوع مسیح میں ایک الٰہی مقصدہے !

## نبوتی اقرار

**اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہےکہ میری زندگی میں کیا ہوتاہے، میں یقینی طورپرجانتا ہوں، خدا مجھ سےمحبت کرتا ہے اور اس کے بارے میں کوئی کچھ نہیں کرسکتا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 8: 39-35



**یرمِیاہ 31: 3**

**خُداوند قدِیم سے مُجھ پر ظاہِر ہُؤا اور کہا کہ مَیں نے تُجھ سے ابدی مُحبّت رکھّی اِسی لِئے مَیں نے اپنی شفقت تُجھ پر بڑھائی۔**

کیاخداحیرت انگیزنہیں ہے؟ اگروہ آیت اچھی خبرنہیں ہے، تومیں نہیں جانتاکہ کیاہے! ایسی محبت جوہمیشہ رہیگی۔ کیا آپ جانتےہیں، ایسی محبت ہےجوناکام ہوسکتی ہے؟ لوگ کہہ سکتےہیں کہ وہ میکڈونلڈزسےتب تک محبت کرتےہیں جب تک کہ وہ نینڈوس کا ذائقہ نہ چکھ لیں۔ یاوہ کہتےہیں کہ وہ ایک کارٹون کواس وقت تک پسندکرتےہیں جب تک کہ وہ بڑےنہیں ہوتےاوراسےمزید نہیں دیکھتے۔

بہت سےلوگ کسی بھی چیزکیلئےمحبت کا لفظ استعمال کرتےہیں اوریہ بےمعنی ہوجاتاہے۔ تاہم، خدا نےآپ سےاسطرح محبت نہیں کی جسطرح دنیاکرتی ہے۔ اسکی محبت لازوال ہے۔ اس سےکوئی فرق نہیں پڑتاہےکہ آپ کس مزاج میں ہیں، چاہےآپ کچھ بھی کریں یاکہیں، اسکی محبت آپکےلیےایک درجہ بھی نیچےنہیں آتی۔ یہ وہیں رہتی ہے اورآپکوچاہتی رہتی ہے۔ شیطان مشکل میں ہے۔ اس دنیا میں کوئی بھی چیزآپکےبارےمیں خداکےذہن کونہیں بدل سکتی۔ جلال !

## نبوتی اقرار

اس کی محبت مجھےکبھی ناکام نہیں کریگی۔ وہ مجھ سےکبھی نہیں اکتائےگا۔ یسوع کاجلال ہو! آمین !

## مزید مطالعہ

زبُور 36: 5

# My goodnews notes

GoodNews DAILY



**گلتِیوں 2: 20**

**مَیں مسِیح کے ساتھ مصلُوب ہُؤا ہُوں اور اب مَیں زِندہ نہ رہا بلکہ مسِیح مُجھ میں زِندہ ہے اور مَیں جو اَب جِسم میں زِندگی گُذارتا ہُوں تو خُدا کے بیٹے پر اِیمان لانے سے گُذارتا ہُوں جِس نے مُجھ سے مُحبّت رکھّی اور اپنے آپ کو میرے لِئے مَوت کے حوالہ کر دِیا۔**

اوپرکی آیت صرف آپ سےیہ پوچھ رہی ہے، آپ خداکوآپکےذریعےزندگی گزارنےدیں۔ بچو، جب مسیح آپ میں رہتاہے، اب آپ زندہ نہیں رہتے، بلکہ مسیح۔

دوسرےلفظوں میں، آپکی روح نےمسیح کی زندگی کوقبول کیا یعنی پرانےآپ مرچکے۔ جس لمحےآپ نےمسیح کوقبول کیا آپ اسکےساتھ ایک ہوگئے۔ آپ نےاپنی زندگی کومسیح کی زندگی سےبدل دیا، آپ حقیقت میں بلاک پرنئےسپر مین ہیں۔

خدا نےآپکےاندر رہنےکی اجازت لیکر آپکےلیےسب کچھ ممکن بنایا۔ تو جائیں اوربیماروں کو ٹھیک کرو، ہرصورتحال سے بات کریں کیونکہ تم کبھی شکست نہیں کھا سکتے۔ آپ مسیح کےذریعےسب کچھ کرسکتےہیں جو آپکوطاقت دیتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں مسیح میں نیا سپرمین ہوں اور میں روشن ستارہ ہوں، مسیح مجھ میں جلال کی امید ہے۔ ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

1 - کُرِنتھِیوں 2: 16



**1 - پطرؔس 2: 9**
**لیکن تُم ایک برگُزِیدہ نسل۔ شاہی کاہِنوں کا فِرقہ۔ مُقدّس قَوم اور اَیسی اُمّت ہو جو خُدا کی خاص مِلکِیّت ہے۔۔۔**

کیا آپ جانتے ہیں، آپ کس کےبیٹے ہیں؟ کیا آپ نےکبھی سوال کیا ہےکہ آپ کون ہیں؟ آج کا گڈ نیوز ڈیلی کہتا ہےکہ خدا نے آپکو شاہی کاہن بننے کیلئے چنا ہے۔ آپکے پاس مسیح کا ذہن ہے۔ یعنی آپ مسیح کیطرح سوچتےہیں، آپ مسیح کیطرح چلتے ہیں، آپ مسیح کیطرح بات کرتےہیں۔

جب ڈاکٹر آپکو بتاتےہیں، آپ بیمارہیں تو ان سےکہیں، میں بیمارنہیں ہوسکتا، میں خداکابیٹا ہوں کیونکہ بائبل کہتی ہےکہ جس کے پاس بیٹا ہےاسکےپاس زندگی ہے، لہٰذا میں جوکچھ لیکرچل رہا ہوں وہ زندگی ہے، اس لیےمیں بیمارنہیں پڑسکتا۔ خدا کا کلام حقیقی ہے، آپ میں شیطان کو بھگانےکی صلاحیت ہے اور وہ آپ سےدوربھاگ جائیگا۔ ہر چیزمیں نئی زبان (بیگانہ زبان) بولیں اورآپ کامیاب ہوں گے۔

## نبوتی اقرار

**آج میں ہر اس چیز پر تمام اختیار لینے کا انتخاب کرتا ہوں جو میری ملکیت ہے۔ میں جانتا ہوں کہ میں مسیح میں کون ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

مُکاشفہ 1: 6



**یسعیاہ 43: 18**

**یعنی خُداوند یُوں فرماتا ہے کہ پِچھلی باتوں کو یاد نہ کرو اور قدِیم باتوں پر سوچتے نہ رہو۔**

بچو، کیا آپکودی گڈ نیوز ڈیلی پسند آرہاہے؟ اس ہفتےکا گڈ نیوز ڈیلی مسیح میں نئےسپر مین کےبارےمیں ہے۔ آج ہمارےپاس ایک معروضی سبق ہے، اب یہ میسی ہونیوالاہے۔

آپکواپنےمعروضی سبق کیلئےدرکارچیزیں ہیں۔
صاف کٹورا، آٹا، اپنی پسند کا فوڈ کلر، چمچ، پانی کا جگ، صابن

ایک پیالےمیں آٹا ڈالیں اورتمام اجزاء کومکس کریں۔
یہ گوندھا ہوا آٹا نکالیں، اور ایک گیند یا اپنی پسند کی کوئی بھی شکل بنائیں۔ کیا آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہ کتنا خوبصورت ہے؟

اسطرح خدانےآپکوپیداکیا ہے۔ وہ آپکوغسل دیتاہے، وہ آپکی زندگی اورآپکی ذہنیت کوبدلتاہے، وہ آپکوڈھالتاہے، وہ آپکوبالکل وہی بناتاہےجو وہ چاہتاہے۔ جب خدانےآپکوتخلیق کیا، اس نےآپکوبہت تفصیل اوراحتیاط کیساتھ ڈیزائن کیا، اس نےآپکومنفرد بنایا۔ اس لیےہرکسی کیطرح بننےکی کوشش نہ کریں، آپ ممتازپیدا ہوئےہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں ایک نئی مخلوق ہوں اور میرے ذہن نیا ہو گیا ہے، میں ہمیشہ کے لیے تبدیل ہو گیا ہوں ہیلیلویاہ۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

فِلپّیوں 3: 13



**یعقُوب 1: 6**

**مگر اِیمان سے مانگے اور کُچھ شک نہ کرے کیونکہ شک کرنے والا سمُندر کی لہر کی مانِند ہوتا ہے جو ہوا سے بہتی اور اُچھلتی ہے۔**

خُدا چاہتا ہے کہ ہم اُس پر بھروسہ کریں۔ اوپر کا صحیفہ ہمیں بتاتا ہے کہ اگر ہم اُس پر بھروسہ نہیں کرتے تو ہم سمندر کی لہروں کیطرح ہیں، لہریں اوپراور نیچے ہوتی رہتی ہیں۔ بائبل کےمطابق ایمان کا مطلب ہےان چیزوں کےبارےمیں یقین کرنا جنکی ہم امید کرتےہیں، ایمان کا مطلب یہ جاننا ہےکہ کوئی چیزحقیقی ہےچاہےہم اسےنہ بھی دیکھ سکیں۔

آپ ایمان کیسےحاصل کرتےہیں؟ یہ بہت آسان ہے، خدا کا کلام سن کرایمان آتا ہے، اسکےبعد ہم روزانہ کلام کوپڑھ کراور اسکےکہنےپرعمل کرتےہیں۔ لہٰذا، کلام کہتا ہے، میں سرہوں، دم نہیں۔ آپکو اسےبارบارکہنا چاہیےجب تک کہ یہ آپکی روح کا حصہ نہ بن جائے۔ آج ہی شروع کریں اوراپنےایمان کا استعمال کریں اور زمین پرجنت کاتجربہ کریں !

## نبوتی اقرار

**میں کلام کی پیداوار ہوں، مجھے روحانی برکتوں سے نوازا گیا ہے، میں نظر سے نہیں ایمان سے چلتا ہوں۔ یسوع کے نام سے۔**

## مزید مطالعہ

یعقُوب 1: 3



**یُوحنّا 20: 27**

**پِھر اُس نے توؔما سے کہا اپنی اُنگلی پاس لا کر میرے ہاتھوں کو دیکھ اور اپنا ہاتھ پاس لا کر میری پسلی میں ڈال اور بے اِعتقاد نہ ہو بلکہ اِعتقاد رکھ ۔**

یہ ایک افواہ کےطورپرشروع ہوا، ”یسوع دوبارہ زندہ ہوگیاہے۔“ یسوع کےشاگردوں اورپیروکاروں نےتوما سےکہا، ”ہم نے خداوندکودیکھا۔“ لیکن تومانےکہا، ”میں تب تک یقین نہیں کروں گا جب تک میں اسکےہاتھوں میں کیلوں کےنشانات نہ دیکھوں اوراپنی انگلی وہیں نہ رکھوں جہاں ناخن تھےاوراپنا ہاتھ اسکی پسلی میں نہ ڈالوں۔“

ایک ہفتےکےبعد، یسوع اُس پرظاہرہوا اوراس سےکہا اپنی انگلیاں اسکےہاتھوں پررکھیں اورشک کرناچھوڑدیں۔ توما ان لوگوں کیطرح تھاجوکسی چیزپرصرف اس وقت یقین کرتےہیں جب وہ اسےاپنی آنکھوں سےدیکھتےہیں۔ وہ کسی اورکی بات نہیں مانناچاہتا تھا جب تک کہ اس نےیسوع کو نہ دیکھا۔ ایمان شک نہیں کرتا، اگر آپکو شک ہے تو آپکوخداوند سےکچھ نہیں ملےگا۔ خُداوند پربھروسہ کریں اور اُسکےکلام پر یقین کریں۔ ایک شکی توما نہ بنیں۔

## نبوتی اقرار

میں خدا پر شک کرنے سے انکار کرتا ہوں، مجھے اس کے کلام پر بھروسہ ہے اور مجھے ایمان ہے۔ آمین !

## مزید مطالعہ

متّی 21: 21



**پَیدائش 15: 6**

**اور وہ خُداوند پر اِیمان لایا اور اِسے اُس نے اُس کے حق میں راست بازی شُمار کِیا۔**

کیا آپکومعلوم ہے کہ ابراہیم 100 سال کے تھے جب ان کا پہلا بچہ ہوا؟ ان میں جو خاص بات تھی وہ ان کا ایمان تھا۔ خدا نے ابراہیم سے بہت سی چیزوں کا وعدہ کیا تھا جس میں اسکےبڑھاپےمیں بہت سےبچےبھی شامل تھےاوراس نےیقین کیا۔ بچو، آپ ابراہیم سےبہت کچھ سیکھ سکتےہیں۔ آیت ہمیں بتاتی ہےکہ خدانےابراہیم کو بہت سےوعدے دیئےاورانہیں تمام قوموں کا باپ بننےکیلئےچنا۔

ابراہیم کی کہانی ہمیں سکھاتی ہے، خدا آپکوکسی بھی عمرمیں استعمال کرسکتاہے اگرآپ ایمان رکھنا اوراس پربھروسہ کرنا چاہتےہیں۔ خدا کے پاس ابراہیم کی زندگی کیلئےایک بہت ہی خاص منصوبہ تھا۔ ابراہیم جانتا تھا کہ وہ خدا سےکیاچاہتاتھا اور اس پربھروسہ کرنےکا فیصلہ کیا۔ خدا نےہم سب کی زندگیوں کیلئےبھی ایک خاص منصوبہ بنایا ہے، آپکوصرف اس پر بھروسہ کرنا ہوگا خدا آپکو کبھی مایوس نہیں کریگا۔

## نبوتی اقرار

**میں مسیح کے نور کی نمائندگی کرتا ہوں، میں جہاں بھی جاتا ہوں چمکتا ہوں، مسیح کے ساتھ میں اکثریت ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 1: 20



**عِبرانیوں 11: 33**

**اُنہوں نے اِیمان ہی کے سبب سے سلطنتوں کو مغلُوب کِیا۔ راست بازی کے کام کِئے۔ وعدہ کی ہُوئی چِیزوں کو حاصِل کِیا۔ شیروں کے مُنہ بند کِئے۔**

نوجوان داؤد کی کہانی کس کویاد ہے؟ داؤد نے فلستی سے کہا، تم میرے پاس تلوار، نیزہ اوربرچھی لیکر آتے ہو، لیکن میں خداوند کےنام سے تمہارے پاس آیا ہوں۔ خداوند تجھےمیرے حوالےکریگا اورمیں تجھےشکست دوں گا اوراس نےایسا کیا۔ داؤد نےاپنی زندگی پرخدا پربھروسہ کرنےکا فیصلہ کیا اورخوف پرایمان کا انتخاب کیا۔

ایمان سےداؤد نے جولیت کو شکست دی۔ داؤد اپنے بھائیوں کےمقابلےمیں ایک چھوٹا لڑکا تھا، ان میں سےکوئی بھی اس پر یقین نہیں رکھتا تھا، لیکن اس نے خدا پربھروسہ کیا تھا۔ بچو آپ ہرچیز کیلئےخدا پربھروسہ کرسکتےہیں، وہ آپکی حفاظت کرے گا، اوریاد رکھیں کہ آپکوخوف کی روح نہیں دی گئی ہے، لیکن ایمان کےزریعے، آپ بہت سےکام کرسکتےہیں جو خداوند کوجلال بخشیں گے۔

## نبوتی اقرار

**آج سے میں خوف پر ایمان کا انتخاب کرتا ہوں، ایمان سے میں مسیح کے ذریعے سب کچھ کر سکتا ہوں کیونکہ وہ مجھے طاقت دیتا ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

متّی 8: 26



**اِفِسیوں 3: 12**

**جِس میں ہم کو اُس پر اِیمان رکھنے کے سبب سے دِلیری ہے اور بھروسے کے ساتھ رسائی۔**

بائبل میں، بادشاہ نبوکدنضر اور تین بہادرعبرانی لڑکوں سدرک، مِیسک اورعبدنجو کے بارے میں ایک کہانی ہے۔ بادشاہ نے سونے سے بنا ایک بہت بڑا اونچا مجسمہ بنانے کا فیصلہ کیا۔ اس نےکہا، "جب تم موسیقی سنوتوتمہیں مجسمےکی پوجا کرنی ہے، اگرتم انکارکرو گےتوتمہیں آگ میں پھینک دیا جائیگا۔"

تینوں عبرانی لڑکوں نےکہا، "ہم خدا کےسوا کسی اورکی عبادت نہیں کرسکتے۔" انہیں بادشاہ کےپاس لایا گیا، اورکہا، "آپ ہمیں آگ میں پھینک سکتےہیں، جس خدا کی ہم عبادت کرتے ہیں وہ ہمیں بچائےگا۔" بادشاہ نےغصےمیں آ کرانہیں آگ میں پھینک دیا۔ خدا نے انکی حفاظت کی اورانکوبچایا اوریہاں تک کہ انکےساتھ آگ میں کھڑارہا لیکن سب سے اہم بات یہ ہےکہ وہ خدا پر یقین اور بھروسہ رکھتےتھے۔ ایسا کچھ نہیں ہے جو خدا آپ کیلئےنہیں کرسکتا، اس کیلئےکھڑے ہونے کیلئے پراعتماد اور بہادر بنیں۔

## نبوتی اقرار

**مجھے خدا پر یقین ہے، وہ میری حفاظتی جگہ ہے، ایمان سے میں کسی برائی سے نہیں ڈروں گا۔ ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

اِستِثنا 31: 6



**یُوحنّا 14: 6**
**یِسُوعؔ نے اُس سے کہا کہ راہ اور حق اور زِندگی مَیں ہُوں۔ کوئی میرے وسِیلہ کے بغَیر باپ کے پاس نہیں آتا۔**

یسوع مسیح پرایمان اتنا اہم کیوں ہے؟ بچو، اسکاجواب بہت آسان ہے، اوپروالی آیت کودیکھیں جنت کا واحد راستہ یسوع ہیں۔ بائبل نےہمیں جنت کےچھوٹےیا لمبےراستےکےبارےمیں نہیں بتایا۔ یسوع پرایمان لانا واحد راستہ ہے، ہم ایمان کیسے حاصل کریں؟ خدا کا کلام سن کراوربائبل میں اسکی ہدایات پرعمل کرنےسے۔ آپ اپنی شہادتیں دوسروں کو بھی بتا سکتےہیں کہ خدا نے آپکی زندگی میں کیا کیا۔

اس کی تعلیمات آسمانی باپ کیطرف سے آتی ہیں اورہمیں اس کیطرف واپس لےجائیں گی۔ بچو ایمان کےبغیرآپ خدا کو خوش نہیں کرسکتے۔ دعا اور خدا کے کلام کو پڑھنے سے آپکو ایمان میں اضافہ کرنے میں مدد ملے گی۔ یاد رکھیں کہ آپ میں صلاحیت ہے، آج ہی اس کی مرضی پر عمل کرنے کا فیصلہ کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں ہر چیز پر ایمان کا انتخاب کرتا ہوں۔ ایمان میری زندگی کی بنیاد ہے، چاہے کچھ بھی ہو جائے، میرا ایمان ہلنے والا نہیں ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

عِبرانیوں 11: 1



**یعقُوب 2: 17**

**اِسی طرح اِیمان بھی اگر اُس کے ساتھ اَعمال نہ ہوں تو اپنی ذات سے مُردہ ہے۔**

اس مقام پر، ہم اس میں شک نہیں کرتے کہ ایمان کام کرتا ہے، لیکن ایمان بغیر عمل کے مردہ ہے۔ مجھے اسے سمجھانے دو۔ یسوع نے اندھے آدمی سے کہا، ” جا شِیلوؔخ کے حَوض میں دھو لے۔“ چنانچہ وہ آدمی حوض میں گیا۔ اس نے دھویا اور واپس آیا اور اپنے ایمان سے وہ دیکھنے کے قابل ہوا۔

جب آپ بائبل کے تمام صحیفوں کو پڑھ لیں اور جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان کو پڑھ لیں، تب بھی یہ کافی نہیں ہے، عمل کے بغیر ایمان مردہ ہے۔ جا کردنیا کو دکھائیں کہ عمل میں اپنا ایمان ظاہر کر کے کلام پرعمل کرنیوالے کیسے بنتے ہیں۔ آپ حیران ہوں گے کہ آپکی شہادتوں کیوجہ سے کتنے لوگ مسیح کے پاس آئیں گے۔

## نبوتی اقرار

ایمان سے میں صحیح سمت میں آگے بڑھ رہا ہوں۔ اپنے اعمال کے ذریعے، میں مسیح میں مزید روحیں لاؤں گا کیونکہ میں روح کو جیتنے کیلئے پیدا ہوا تھا۔ آمین !

## مزید مطالعہ

یعقُوب 2: 18



**پَیدائش 1: 3**
**اور خُدا نے کہا کہ رَوشنی ہو جا اور رَوشنی ہو گئی۔**

اگرمیں آپکو بتاؤں، خدا کا کلام اس دنیا کی ہر چیز سے زیادہ طاقتور ہے، تو کیا آپ اس پر یقین کریں گے؟ میں جانتا ہوں، آپ میں سےکچھ کے خیال میں ریل گاڑی، شیر، یا کشتی جیسی چیزیں زیادہ طاقتور ہیں۔ مندرجہ بالا آیت ہمیں بتاتی ہے کہ خدا نےصرف اپنےکلام کا استعمال ہروہ چیز بنانے کیلئےکیا جو ہم دیکھتے ہیں۔ خدا کا کلام خدا کےمقصد کو سمجھنےمیں ہماری مدد کرسکتا ہے، چاہےہم یہ نہ سمجھیں کہ وہ اس وقت کیا کررہا ہےیا عملی طورپرچیزیں سست ہوتی نظر آ رہی ہوں۔

زبور 82: 6 کی کتاب میں لکھاہے، 'تُم اِلہٰ ہو اور تُم سب حق تعالیٰ کے فرزند ہو،' یعنی آپ اس کےکلام کوبھی استعمال کر سکتےہیں اورجو چاہیں تخلیق کر سکتےہیں۔ لفظ کی طاقت کا استعمال کرتےہوئےتخلیق کرنا شروع کریں۔ آپ میں ایساکرنے کی صلاحیت ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں نہیں ڈروں گا خدا نے مجھے کچھ بھی بنانے کی صلاحیت دی ہے۔ میں ایک برگزیدہ نسل اور شاہی کاہن ہوں، مقدس اور خاص۔**

## مزید مطالعہ

زبُور 82: 6



**1 - تِیمُتھِیُس 3: 16**

**اِس میں کلام نہیں کہ دِین داری کا بھید بڑا ہے یعنی وہ جو جِسم میں ظاہِر ہُؤا اور رُوح میں راست باز ٹھہرا اور فرِشتوں کو دِکھائی دِیا اور غَیر قَوموں میں اُس کی مُنادی ہُوئی اور دُنیا میں اُس پر اِیمان لائے اور جلال میں اُوپر اُٹھایا گیا۔**

ہم کلام کی طاقت کو کب استعمال کرتے ہیں؟ ہم کلام کی طاقت کو کسی بھی وقت، کہیں بھی استعمال کرسکتے ہیں لیکن ہمیں اسے سمجھداری سے استعمال کرنا ہے۔ مثلاً، آپ ہمیشہ خدا کے کلام کو صرف خود کوخوش کرنے کیلئے مزید کھلونوں یا چیزوں کیلئے دعا کرنے کیلئے استعمال نہیں کرسکتے۔

آپکو ہسپتال میں بچوں کیلئےدعا کرنے، اپنےامتحانات پاس کرنےاور اپنےلیڈروں کیلئےدعا کرنےکیلئےبھی کلام استعمال کرنا چاہیے۔ کلام میں ہمیں پوری طرح اندر باہر سےبدلنےکی طاقت ہے۔ زمین پرجنت کےسال میں، میں کلام کو پڑھنے اور اس پرغور کرنے کیلئے وقت نکالوں گا۔

## نبوتی اقرار

**میں ایک نئی تخلیق ہوں، میں کلام کی طاقت کو اچھی چیزیں بنانے کے لیے استعمال کرتا ہوں۔ یسوع کے قادر نام سے۔**

## مزید مطالعہ

عِبرانیوں 4: 12



**1 - پطرّس 2: 25**

**کیونکہ پہلے تُم بھیڑوں کی طرح بھٹکتے پِھرتے تھے مگر اب اپنی رُوحوں کے گلّہ بان اور نِگہبان کے پاس پِھر آ گئے ہو۔**

آپ کہہ سکتےہیں، ”جب میں ابھی چھوٹا ہوں تو میں لوگوں کوکیسےسیدھا راستہ دکھا سکتا ہوں؟“ جس لمحےآپ سوچتےہیں کہ آپ یہ خود سےکرسکتےہیں، آپ پہلے ہی یہ غلط کر رہےہیں۔ آپ اپنےآس پاس کےلوگوں کو بائبل کی آیات دکھا کر ان کو سیدھا راستہ دکھا سکتےہیں جو انکی زندگیوں میں خدا کی اہمیت کو سمجھنےمیں انکی مدد کرسکتی ہیں۔

بائبل نے اسےاس طرح بیان کیا، آپ چھوٹےہیں لیکن کسی کو آپکےساتھ ایسا سلوک نہ کرنےدیں جیسے آپ اہم نہیں ہیں۔ بےدینوں کو یہ بتانے کیلئےایک مثال بنیں کہ انہیں کیسے رہنا چاہیے۔ انھیں اپنےالفاظ، اپنےزندگی کےطریقے، اپنی محبت اور اپنے ایمان سےدکھائیں۔ خدا کےکلام کا استعمال کرتے ہوئے بہت سے لوگوں کی زندگیاں بدل گئی ہیں۔

## نبوتی اقرار

**خدا میرا مددگار ہے اور وہ ہمیشہ میری زندگی میں موجود ہے۔ اس نے مجھے اپنے جلال سے دوسروں کو سیدھا راستہ دکھانے کی صلاحیت دی ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 16: 13



**متّی 4 :4**

**اُس نے جواب میں کہا لِکھا ہے کہ آدمی صِرف روٹی ہی سے جِیتا نہ رہے گا بلکہ ہر بات سے جو خُدا کے مُنہ سے نِکلتی ہے۔**

بچو، آپ دن میں کتنی بارکھاتےہیں؟ آپ اپنی روح کو کتنی بارکھلاتے ہیں؟ ان لوگوں کیلئےجونہیں جانتے، آپ ہرروزبائبل پڑھ کر، (بیگانہ زبان) میں دعا کرکے اورخدا کی عبادت کرکےاپنی روح کو کھلاتےہیں۔ زیادہ ترلوگ دن میں تین باریا اس سے زیادہ کھاتےہیں، اور اپنی روح کودن میں صرف ایک بار یا اتوارکوکھلاتےہیں۔

کچھ کہیں گے، "مجھےاپنی روح کو کھلانےکی ضرورت ہے، لیکن کبھی کبھی میں بہت زیادہ مصروف ہو جاتا ہوں"۔ اگر آپ اپنی روح کو خدا کےکلام سےنہیں کھلا رہےہیں، تو آپ اسےکچھ اورکھلا رہےہیں۔ خدا نےہم سب کواسکی ہدایات اور اس کےکلام پرعمل کرنے کیلئے پیدا کیا ہے۔ تو آج سےشروع کریں اوراپنے روحانی انسان کوکھانا کھلانا شروع کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کو اجازت دیتا ہوں کہ ہر کام کے ساتھ میری رہنمائی کرے۔ میں ہمیشہ خدا کے کلام پر عمل کروں گا جیسا کہ ہدایت کی گئی ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 6: 35



امثال 12: 18

**بے تامُّل بولنے والے کی باتیں تلوار کی طرح چھیدتی ہیں لیکن دانِش مند کی زُبان صِحت بخش ہے۔**

آج کی آیت ہمیں بتاتی ہےکہ ہمارےالفاظ کچھ اچھا یابرا بنانےکی طاقت رکھتےہیں۔ یہ ضروری ہےکہ ہم کچھ بھی کہنےسے پہلےہمیشہ سوچ لیں، ایسےالفاظ استعمال کریں جو دوسروں کو زندگی دےسکیں۔ بائبل کہتی ہےکہ اگرآپ اپنےمنہ سےاقرار کرتےہیں کہ یسوع خُداوند ہےاوراپنےدل میں یقین رکھتےہیں کہ خُدا نےاُسےمُردوں میں سےزندہ کیا، تو آپ محفوظ ہوجائیں گے۔

آپکےالفاظ وہ ہیں جو آپکونئےسرےسےپیداہونےاوریسوع کومستقل طورپرآپکےاندر رہنےکی اجازت دیتے ہیں۔ آپ جو لفظ بولتےہیں اس میں بہت زیادہ طاقت ہے؛ آپ صرف کچھ بھی نہیں کہہ سکتے۔ آپکواپنےالفاظ کی طاقت کو پہچاننا چاہیے، اور انہیں دانشمندی سےاستعمال کرنا چاہیے۔ ہر روزہمارے پاس ایک انتخاب ہوتا ہے۔ ہم یا تو ایسے الفاظ بول سکتے ہیں جو کسی کی تعمیر کرسکتےہیں یا ایسے الفاظ جو انہیں توڑ دیتےہیں۔ ہمیشہ زندگی بولو !

## نبوتی اقرار

میں اپنےالفاظ صرف اچھی چیزیں تخلیق کرنےکیلئے استعمال کرتا ہوں، میں خدا کا بیٹا ہوں اورمیں برے الفاظ استعمال کرنےسےانکار کرتا ہوں۔ یسوع کےنام سے آمین !

## مزید مطالعہ

امثال 12: 14



**یُوحنّا 3: 33**

**جِس نے اُس کی گواہی قبُول کی اُس نے اِس بات پر مُہر کر دی کہ خُدا سچّا ہے۔**

کیا آپ کسی چیز کےبارےمیں بتا سکتےہیں کہ وہ سچ ہےیا نہیں؟ مندرجہ بالا آیت ہمیں بتاتی ہےکہ اگر ہم اُس کی باتوں کو قبول کرتے ہیں تو ہم نے ثابت کیا ہے کہ خدا سچا ہے۔ خدا کاکلام سچا ہے اور جو کچھ اسکے خلاف جاتا ہے وہ غلط / جھوٹ ہے۔ خدا کےبارےمیں کچھ بھی غلط نہیں ہے، پیدائش کی کتاب سےمکاشفہ تک وہ اپنےکلام پرقائم ہے، وہ ایسی ہستی نہیں ہے جسےجھوٹ بولنا چاہئےاور وہ ایک منصف اورایماندارخدا ہے۔

شروع میں کلام کو پڑھنےکا آغازکرتےوقت، یہ مشکل معلوم ہو سکتا ہےیا آپکو ایسا لگتا ہےکہ آپ اسے سمجھ نہیں پا رہے ہیں، لیکن جتنا زیادہ آپ اپنی بائبل کو پڑھیں گے، آپ خداکو زیادہ جاننےلگیں گے۔ سچائی کےعلم کےبغیرکوئی طاقت نہیں ہے اورخدا کےکلام کےمطالعہ کےبغیر کوئی علم نہیں ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں صحیح سمت میں ہوں، مسیح اور میں ایک ٹیم ہیں۔ میں سچائی کےکلام کا استعمال کرتےہوئےآگےبڑھنےکیلئےتیار ہوں۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 17: 17



**یسعیاہ 55: 11**

**اُسی طرح میرا کلام جو میرے مُنہ سے نِکلتا ہے ہو گا۔ وہ بے انجام میرے پاس واپس نہ آئے گا بلکہ جو کُچھ میری خواہِش ہو گی وہ اُسے پُورا کرے گا اور اُس کام میں جِس کے لِئے مَیں نے اُسے بھیجا مُوثّرِ ہو گا۔**

کیا آپ ہمیشہ شکایت کرتےہیں؟ کیا آپ ہمیشہ کہتےہیں، میں نےسب کچھ آزمایاہے، اورکچھ بھی مددنہیں کرتا؟ آج کی کہانی لوسی نامی لڑکی کی ہے۔ اسے اسکول پسند تھا لیکن وہ ریاضی میں اچھی نہیں تھی۔ اسےایک دن اسکی دوست نے چرچ میں دعوت دی۔

لوسی نےاپنی دوست کیساتھ شیئر کیاکہ اسےریاضی کیساتھ مشکل پیش آتی ہے، اسکی دوست نےاسکےساتھ دعاکی اورکلام پڑھا۔ ایک مہینےکےاندر، لوسی اپنی کلاس میں سب سےآگےتھی۔ خدا کی قدرت ہرضرورت میں آپکی مددکرتی ہے۔ ہم میں خدا کےکلام کےبغیر خود کوخدا کیطرح بننے کیلئےتبدیل کرنا ناممکن ہے۔ دوسروں کیلئےدعا کرنا شروع کریں اورکلام کی طاقت کواستعمال کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں خُداکا فرزند ہوں، اورمیں وہی کرتا ہوں جومیرا باپ کرتاہے، میں یسوع کےقادرنام سےچیزوں کو انجام دیتا ہوں !**

## مزید مطالعہ

2 – تِیمُتھِیُس 3: 16



**آعمال 19: 14**

**مگر بعض یہُودِیوں نے جو جھاڑ پُھونک کرتے پِھرتے تھے یہ اِختیار کِیا کہ جِن میں بُری رُوحیں ہوں اُن پر خُداوند یِسُوع کا نام یہ کہہ کر پُھوکیں کہ جِس یِسُوع کی پَولُس مُنادی کرتا ہے مَیں تُم کو اُسی کی قَسم دیتا ہُوں۔**

کیا آپ نےیسوع کےنام کااستعمال کرتےہوئےکئی بارکسی چیزکیلئےدعا کی ہےلیکن کبھی نہیں ملی؟ کیا آپ نے کبھی خود سےپوچھا ہے کیوں؟ مندرجہ بالاصحیفہ ہمیں دکھاتا ہےکہ یہ صرف یسوع کےنام سےکہنےکےبارے میں نہیں ہےبلکہ یسوع کےکردارکو اپنانےکےبارےمیں بھی ہے۔

یسوع کاکرداراپنانےکیلئے، آپکو یسوع کواپنےخداوند اورنجات دہندہ کےطورپرقبول کرنا ہوگا اوراسکےکلام پریقین کرنا ہوگا۔ اسےآپکا ایک حصہ ہونا چاہیے۔ اگر آپ نےدعا کی ہے اوراس نےکام نہیں کیا تواسکامطلب ہےکہ آپ اسے پاس ورڈ کے طورپراستعمال کر رہےہیں۔ تویاد رکھیں، بچو، آپ یسوع کولیکرچلتےہیں، اس نےآپکواپنی طاقت دی کہ اسےاپنی ہرضرورت کیلئے استعمال کریں۔ کچھ بھی جو یسوع نے کیا ہم میں کرنے کی صلاحیت ہے !

## نبوتی اقرار

**میں یسوع کے کردار میں دعا کرتا ہوں اور میرے الفاظ چیزوں کو بدلنے کا سبب بنتے ہیں۔ آمین!**

## مزید مطالعہ

فِلِپّیوں 2: 10



**رُومِیوں 8: 26**

**اِسی طرح رُوح بھی ہماری کمزوری میں مدد کرتا ہے کیونکہ جِس طَور سے ہم کو دُعا کرنا چاہئے ہم نہیں جانتے مگر رُوح خُود اَیسی آہیں بھر بھر کر ہماری شِفاعت کرتا ہے جِن کا بیان نہیں ہو سکتا۔**

بائبل کہتی ہےکہ آپکو روح القدس کیساتھ دعا کرنی چاہیے، روح القدس آپکو کامل دعا مانگنے میں مدد کرتا ہے کیونکہ آپ اپنے فطری دماغ کو استعمال نہیں کر رہے ہیں۔ وہ بالکل جانتا ہے کہ آپکی کیا ضرورت ہے۔

کیا آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کیلئے زندگی کیسے آسان ہو سکتی ہے اگر آپ روح القدس کو اپنا دوست بننے کی اجازت دیں۔ زمین پر جنت کے اس سال میں میں اس کے ساتھ روزانہ بات چیت کرنا شروع کروں گا۔ میں روح القدس کی مدد سے بیگانہ زبانوں میں دعا کروں گا۔ میری اس کے ساتھ رشتہ داری ہو گی اور وہ میری صحیح سمت میں راہنمائی کرے گا۔

## نبوتی اقرار

**روح القدس میری دعا کا ساتھی ہے، وہ خدا سے کامل دعا مانگنے میں میری مدد کرتا ہے۔**

## مزید مطالعہ

یُوحنّا 14: 26



**1 – یُوحنّا 5: 14**

**اور ہمیں جو اُس کے سامنے دِلیری ہے اُس کا سبب یہ ہے کہ اگر اُس کی مرضی کے مُوافِق کُچھ مانگتے ہیں تو وہ ہماری سُنتا ہے۔**

خدا نے ہم سب کیلئےایک مقصد رکھا ہے؛ آپکےایمان کی بنیاد اس پرہونی چاہیے جو خدا کا کلام کہتا ہے۔ جب آپ خُدا کے کلام کی دعا کرتےہیں تو آپکو اپنی بائبل میں چیک کرنا چاہیے اوردیکھنا چاہیے کہ خُدا آپکی زندگی کے بارے میں کیا کہتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، آپ صحیفے خود کو واپس بولتے ہیں۔

اس سےکوئی فرق نہیں پڑتا کہ کون کیا کہتا ہے؛ آپ خدا کےکلام کو دہراتے رہیں۔ میں خدا کیلئے قیمتی ہوں، اس نےمجھے دنیا کے سامنے رکھا۔ کیا آپ دیکھ سکتے ہیں؟ یہاں تک کہ اگر یہ صرف آپ ہی ہوتے، یسوع آئیگا اور آپکےلیے اپنی جان دے گا۔

## نبوتی اقرار

**زمین پر جنت کے اس سال میں، میں خدا کے کلام کا استعمال کرتے ہوئے پہلے سے کہیں زیادہ دعا کروں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ خدا کے وعدے ہاں اور آمین ہیں !**

## مزید مطالعہ

یسعیاہ 43: 4



**لُوقا 18: 1**

**پِھر اُس نے اِس غرض سے کہ ہر وقت دُعا کرتے رہنا اور ہِمّت نہ ہارنا چاہِیے اُن سے یہ تمثِیل کہی کہ**

دعا کیا ہے؟ دعا آپ اورخدا کے درمیان گفتگو ہے۔ بائبل ہمیں یہاں تک کہتی ہےکہ خدا پہلےہی جانتا ہےکہ ہم کس کیلئےدعا کریں گےاور وہ جواب دے چکا ہے، توہم کیوں دعا کرتےہیں، آپ پوچھ سکتےہیں۔

ہم دعاکرتےہیں کیونکہ مندرجہ بالا صحیفہ کہتا ہےکہ یسوع اپنےپیروکاروں کو ہروقت دعا کرنےکوکہتا ہےلہذا ہم دعا کرتے ہیں کیونکہ یسوع نےہمیں دعا کرنےکی ہدایت کی تھی۔ مسیحی ہونےکےناطےہمیں حالات کوبدلنے کیلئے اپنے الفاظ استعمال کرنےہوں گے، اگرہم اسےنہیں بولیں گے، توایسا نہیں ہوگا۔

آپ کاہن ہیں، آپ بادشاہ ہیں، آپ سفارش کرنیوالےہیں، اورخدا کےسفیرہیں۔ ایک سفارش کرنیوالےکے طورپر، آپکو وقت نکالنا ہوگا اورنہ صرف اپنےلیےبلکہ دوسروں کیلئےدعا کرنی ہوگی۔ جس لمحےآپ دعا کرتےہیں، آپکو صرف اچھی چیزیں ہونے کی توقع کرنی ہوگی۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کا فرزند ہوں اور میں دعا کے ذریعے خدا سے رابطہ کرتا ہوں۔ زمین پر جنت کے اس سال میں، دعا میرا طرز زندگی بن جائے گی۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

زبُور 91: 15



**1 - تِیمُتھِیُس 2: 1**
**پس مَیں سب سے پہلے یہ نصِیحت کرتا ہُوں کہ مُناجاتیں اور دُعائیں اور اِلتجائیں اور شُکر گُذارِیاں سب آدمِیوں کے لِئے کی جائیں۔**

خدا کےفرزند کےطورپر، بائبل ہمیں بتاتی ہےکہ ہم روکنے والے ہیں۔ یعنی ہم وہ لوگ ہیں جو چیزوں کو واقعی خراب ہونے سے روکتے ہیں۔ تاہم، بہت سےمسیحی خُدا کےپاس صرف اپنےلیے چیزیں مانگنےکیلئے آئیں گے، لیکن آپکو یہ سمجھنے کی ضرورت ہےکہ جب آپ خُدا کیساتھ اپنےتعلق کیوجہ سےدوسرے لوگوں کیلئےدعا کرتےہیں، تو وہ آپکی ضروریات کا خیال رکھےگا۔

وہ دیکھے گا کہ کیا چیزیں آپ کی زندگی سے غائب ہیں اور آپ کی دعاؤں کا جواب دے گا! وہ جانتا ہے کہ ہمیں کیا ضرورت ہے اور بائبل کہتی ہے کہ اس نے ہمیں سب کچھ دے دیا ہے۔ اقوام عالم اور دنیا بھر کے لوگوں کے لیے دعا کرنے سے آغاز کریں۔ آپ کے پاس چیزوں کو ہونے سے روکنے کی طاقت ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے خاندان اور دوستوں کی زندگیوں میں زندگی بولتا ہوں، خدا ان کی ضروریات کو پورا کرے گا۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

1 - سلاطِین 3: 13-12



**آعمال 3: 1**

**پطرؔس اور یُوحنّا دُعا کے وقت یعنی تِیسرے پَہر ہَیکل کو جا رہے تھے۔**

بچو کیا آپ ایک دن اپنے بہترین دوست، اپنے والدین، یا اپنے قریبی شخص سے بات کیے بغیر گزارسکتے ہیں؟ اگر جواب نفی میں ہےتو پھرایسا کیوں ہوتا ہےکہ ہم ایک دن بھی خدا سےبات کیےبغیر گزارسکتےہیں؟ دعا کوئی ایسی چیزنہیں ہےجو آپ اس وقت کرتےہیں جب آپکو خدا کیطرف سےکسی چیزکی ضرورت ہوتی ہے، دعا ایک طرز زندگی ہے، یہ وہ چیز ہے جو آپ روزانہ کی بنیاد پر کرتے ہیں، اسطرح آپ کا خدا سے تعلق بنتا ہے۔

خدا پسند کرتا ہے جب ہم اس کے ساتھ مسلسل رفاقت میں رہتے ہیں، حالانکہ وہ ہمارے بارے میں سب کچھ جانتا ہے۔ دعا کو کبھی بھی اضافی خیال یا کوئی ایسی چیز نہ بننے دیں جو آپ تب کرتے ہیں جب آپکو کچھ چاہیے ہوتا ہے، اسے آج ہی سے اپنا طرز زندگی بنائیں !

## نبوتی اقرار

**میری ایک مستقل دعا کی زندگی ہے، اور جب میں دعا کرتا ہوں تو خدا میری سنتا ہے۔ آمین !**

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 6: 18



**1 – تِھسّلُنیکیوں 5: 17**
**بِلاناغہ دُعا کرو۔**

خدا کے بیٹے کے طورپر، جب چیزیں اس طرح نہیں ہو رہی ہوتیں جسطرح ہونی چاہییں، یہ وہ وقت ہوتا ہے جب ہمیں بولنا ہوتا ہے۔ اگر ہم نہ بدلیں تو کچھ نہیں بدلتا۔ جب آپ دعا کرتے ہیں اور چیزوں کا اعلان کرتےہیں، تب ہی چیزیں بدلتی ہیں۔ آج بائبل کی آیت بلاناغہ دعا کرنے کا کہتی ہے۔ اس لیے ہمیں ہمیشہ دعا کرنی چاہیے۔

آپکے پاس اپنے اسکول، شہر، ملک کا نظام بدلنے کی قوت ہے۔ جب آپ دعا کرنا چھوڑ دیتے ہیں، تب ہی حالات خراب ہونے لگتےہیں۔ دعا کی خوبصورتی یہ ہے کہ چونکہ یہ گفتگو ہے، اسکا مطلب ہے کہ خدا بھی آپ سے بات کر رہا ہے۔ دعا کے لمحات میں، خدا آپکو پیش ہرپریشانی کا حل دینا شروع کردیتا ہے۔ تو آمین کہنےمیں جلدی نہ کریں۔ سنیں خدا کیا کہہ رہا ہے۔

## نبوتی اقرار

**جب میں دعا کرتا ہوں تو چیزیں بدل جاتی ہیں، میری دعا کی زندگی بڑھ گئی ہے۔ میں اپنی دعائیہ زندگی میں مزید گہرائی میں جا رہا ہوں۔**

## مزید مطالعہ

لُوقا 18: 1



**گلتِیوں 5: 22**

**مگر رُوح کا پھل مُحبّت۔ خُوشی۔ اِطمِینان۔ تحمُّل۔ مِہربانی۔ نیکی۔ اِیمان داری۔**

بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ روح کا پھل محبت ہے، جس کا مطلب ہے، جب ہم مسیح اور روح القدس کو حاصل کرتے ہیں تو اب ہم روح کے پھل کو اپنے اندر لیکر چلتے ہیں جو کہ محبت ہے۔ جب آپ سنگترے کو دیکھتے ہیں تو یہ ایک پھل ہے لیکن آپ اسے توڑ کر مختلف ٹکڑے کر سکتے ہیں۔

اب روح کا پھل محبت ہے لیکن اس میں مختلف چیزیں ہیں اور ان چیزوں میں سے ایک خوشی ہے۔ روح القدس کیوجہ سے ہمارے اندر خوشی ہے۔ لہذا خدا کے بیٹے کے طور پر آپکو کبھی بھی ایسا نہیں ہونا چاہئے جو ہمیشہ غمگین اور ناراض ہو کیونکہ خوشی آپ کے اندر پہلے سے موجود ہے۔ لہٰذا، آپ جہاں بھی جائیں، آپ جو خوشی لاتے ہیں اس کی وجہ سے آپ ماحول کو بدل سکتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں روح القدس کی وجہ سے جہاں بھی جاتا ہوں خوشی ظاہر کرتا ہوں جو یسوع کے قادر نام سے میرے اندر ہے !**

## مزید مطالعہ

رُومِیوں 15: 13



**فِلِپّیوں 4: 4**

**خُداوند میں ہر وقت خُوش رہو۔ پِھر کہتا ہُوں کہ خُوش رہو۔**

کیا آپ نےکبھی خوشی اورمسرت کی واضح سمجھ حاصل کرناچاہی ہے؟ کونسی چیزآپکوخوش کرتی ہے؟ بائبل ہمیں ہمیشہ خوش رہنےکوکہتی ہےلیکن کچھ پوچھیں گےکہ کیسے؟

خوشی وہ فیصلہ ہےجو آپ روزانہ کی بنیاد پراپنےلیےکرتےہیں۔ خوشی انتہائی مسرت کا بےلوث احساس ہے، خوشی خدا کیطرف سے آتی ہے۔ مسرت ایک لمحے کا احساس ہے اوریہ عارضی ہے۔ جب آپکے والدین آپ کیلئےکچھ نیا لائےتوآپکو مسرت ہو سکتی ہے، لیکن آپ ویسا ہی محسوس کرتےہیں جیسا کہ آپ پہلے کرتےتھے۔

جب آپکو خوشی ہوتی ہے، تو یہ ہمیشہ کیلئے رہتی ہے کیونکہ آپ اسکا فیصلہ کرتےہیں اورعارضی لمحات سےمتاثر نہیں ہوتےہیں۔ جب آپ مسرت میں ہوتے ہیں، تو اس لمحےکیلئےلطف اندوز تو ہوسکتےہیں لیکن یہ دیر تک نہیں رہےگی۔ زمین پر جنت کےاس سال میں میں ہمیشہ خوشی سےبھرا رہوں گا !

## نبوتی اقرار

**آج میں فیصلہ کرتا ہوں کہ ہر روز خوش رہنا ہے، کیونکہ خوشی خداوند کیطرف سے آتی ہے۔ میں مسرت میں رہنے پر توجہ نہیں دوں گا بلکہ ہمیشہ خوش رہوں گا۔**

## مزید مطالعہ

زبُور 71: 23



2 - کُرِنتھِیوں 8: 2
**کہ مُصِیبت کی بڑی آزمایش میں اُن کی بڑی خُوشی اور سخت غرِیبی نے اُن کی سخاوت کو حد سے زیادہ کر دِیا۔**

آج کے گڈنیوز ڈیلی میں بائبل کا صحیفہ مقدونیہ میں ایک چرچ کے بارےمیں بات کرتا ہےجو بہت سےمسائل سےگزررہی تھی۔ وہ بہت سی آزمائشوں سےگزر رہےتھےاورگہری غربت میں تھے، لیکن میں چاہتا ہوں، آپ اس بات پرتوجہ دیں، ان سب کے باوجود کہ وہ جن بھی حالات سےگزر رہےتھے، بائبل کی آیت ہمیں بتاتی ہےکہ وہ اب بھی خوش تھے۔

آپ سوچیں گےکہ انھوں نےاپنےحالات کیوجہ سےخدا سےشکایت کی ہوگی اور روئےہوں گے، اور انسانی سمجھ کےلحاظ سےانکا ایسا کرنا ٹھیک ہوگا، لیکن چونکہ وہ خدا کوسمجھتےتھے جسکی وہ خدمت کرتےتھے، وہ خوشی سےبھرےہوئے تھے۔

بچو آپ نےدیکھا، ہرحال میں، آپ ہمیشہ خوش رہ سکتےہیں، کیونکہ خوشی لوگوں سےیا آپکے آس پاس کےواقعات سےنہیں آتی بلکہ خوشی خدا کیطرف سےآتی ہے۔ اس لیےاپنےموجودہ حالات کو نہ دیکھیں بلکہ اپنےاندر کےخدا پرتوجہ دیں۔

## نبوتی اقرار

مجھے ہر حال میں خوشی ہے؛ کوئی بھی چیز میری خوشی کو دور نہیں کر سکتی !

### مزید مطالعہ

زبُور 30: 5



**آعمال 13: 52**

**مگر شاگِرد خُوشی اور رُوحُ القُدس سے معمُور ہوتے رہے۔**

خوشی کی صرف ایک خاص سطح ہے جو صرف روح القدس کے ذریعے ہی مل سکتی ہے۔ اکثر، لوگ سوچتے ہیں کہ انہیں دوستوں، اپنے پسندیدہ کھیلوں یا موسیقی میں خوشی تلاش کرنے کی ضرورت ہے، لیکن آپ کو جو سمجھنے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ آپ کبھی بھی خوشی کی اس حد تک نہیں پہنچ پائیں گے جو آپ چاہتے ہیں۔ روح القدس میں خوشی ہے؛ بائبل کی آیت آج ہمیں روح القدس سے معمور ہونے کو کہتی ہے۔

بالکل اسی طرح آپ کو خوشی ہوتی ہے؛ یہ کسی اور چیز سے نہیں مل سکتی۔ آپ کلام پر دھیان کرنے، مسلسل دعا کرنے، اور روح القدس کے ساتھ رفاقت رکھنے سے روح القدس سے معمور ہو جاتے ہیں۔ جب آپ یہ کریں گے تو آپ کو جو بھی صورتحال درپیش ہوگی وہ خوشی سے بھری ہوگی۔

## نبوتی اقرار

**میں روح القدس سے معمور ہوں اور میرے اندر خوشی بہہ رہی ہے۔ ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

1 – تھِسّلُنیکیوں 1: 6



**نحمیاہ 8: 10**
**۔۔۔ خُداوند کی شادمانی تُمھاری پناہ گاہ ہے۔**

کیا کبھی اسکول میں آپ سے واقعی مشکل سوال پوچھا گیا، یا آپ سےکوئی ایسا کام کرنےکو کہا گیا جو بہت مشکل ہو؟ ایسے میں اپکو کیسا محسوس ہوتا ہے؟ کیا آپ غصہ اور مایوس ہو جاتےہیں؟ اگرچہ ہوسکتا ہےآپ اندر سےایسا ہی محسوس کرتےہوں، بائبل ہمیں بتاتی ہے، خُداوند کی شادمانی ہماری (پناہ گاہ) طاقت ہے۔ یعنی مشکل حالات کو سنبھالنےکی طاقت ہم میں خداوند کی شادمانی کیوجہ سےپائی جاتی ہے۔

یہ شادمانی کی قوت ہے، یہ صرف خوشی کی مستقل حالت میں رہنےکےبارے میں نہیں ہے، بلکہ یہ آپکو ہر اس چیز سے گزرنےکی طاقت دیتا ہے جو آپکے راستے میں آتی ہے۔ تو ہمیشہ یاد رکھیں، بچو، جب آپ کسی مشکل سے گزر رہےہوتے ہیں، تو آپکی طاقت آپکی شادمانی سے آتی ہے۔

## نبوتی اقرار

**اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ میرے ارد گرد کیا ہوتا ہے کیونکہ خداوند کی شادمانی میری طاقت ہے اور میں شادمانی سے بھرا رہوں گا اور زمین پر جنت کا تجربہ کروں گا۔ ہیلیلویاہ !**

## مزید مطالعہ

فِلپّیوں 4: 13



**2 – کُرِنتھِیوں 5: 17**

**اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چِیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔**

بائبل ہمیں بتاتی ہےکہ جب ہم نئےسرے سے پیدا ہوئےتوہم نئی مخلوق بنے۔ ہمارا پرانا نفس غائب ہو گیا اوراب ہم نئےہوگئے ہیں۔ اب اگرآپ آئینے میں خود کو دیکھیں گےتو آپ دیکھیں گےکہ آپ پہلے کیطرح ہی نظر آتےہیں، لیکن جو بدلا ہے وہ حقیقی آپ، آپکا روحانی آدمی ہے۔

آپ اندر سےبدل گئےہیں، حالانکہ آپ اسے فطری دنیا میں اپنے چہرے سےنہیں دیکھتےہیں۔ آپ بالکل ایک نئےانسان ہیں۔ اب جو کچھ بدل گیا ہے اسکا ایک حصہ آپکی فطرت ہے۔ آپکی فطرت یہ ہےکہ آپ دوسروں کیساتھ کس طرح برتاؤ رکھتے اور پیش آتےہیں۔ اب آپ نئےسرے سے پیدا ہوئےہیں۔ خوشی آپکی فطرت بن گئی ہے۔ خدا کےفرزند کےطورپر، آپکو خوشی سےکم کسی چیزکو قبول نہیں کرنا چاہئے؛ یہ وہی ہے جو تم ہو۔

## نبوتی اقرار

**خوشی میری فطرت ہے۔ یہ ہی میں مسیح میں ہوں۔ میں جہاں بھی جاتا ہوں، یسوع کے قادر نام سے خوشی پھیلاتا ہوں !**

## مزید مطالعہ

اِفِسیوں 5: 30

# My goodnews notes

# Would you like to share your testimony with us?

We would LOVE to hear from you children!

Write to us here:
kids@goodnewsworld.com





## کیا آپ نے ابھی تک یسوع مسیح کو قبول کیا ہے؟

### ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں یسوع مسیح کو
### اس دعا کے ذریعے اپنی زندگی کا خداوند بنائیں؛

"اے خداوند خدا، ا یسوع مسیح کے نام پر آپ کے پاس آتے ہیں۔ میں اپنے پورے دل سے یسوع مسیح، زندہ خدا کے بیٹے، پر ایمان لاتا/لاتی ہوں ۔ میرا ایمان ہے کہ وہ میرے لیے مرا اور خُدا نے اُس کو مُردوں میں سے زندہ کیا۔ میرا ایمان ہے کہ آج وہ زندہ ہے۔ میں اپنے منہ سے اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ یسوع مسیح اس دن سے میری زندگی کا خداوند ہے۔ اُس کے ذریعے اور اُس کے نام میں، میں نے ہمیشہ کی زندگی حاصل کی ہے۔ میں پھر سے پیدا ہوا/ہوئی ہوں۔ خُداوند، میری جان کو بچانے کے لیے آپ کا شکریہ! میں اب خدا کا/کی فرزند ہوں۔ ہیلیلویاہ!"

---

مبارک ہو! اب آپ خدا کے فرزند ہیں۔

TO RECEIVE MORE INFORMATION ON HOW YOU CAN GROW AS A CHRISTIAN PLEASE GET IN TOUCH WITH US ON:


UK: +44 3333 448 612
USA +1 240 781 6942
RSA +27 51 004 0209
WWW.UEBERTANGEL.ORG | WWW.GOODNEWSWORLD.COM


TheGoodNewsWorld Helplines
USA: +1 (240) 781-6942
UK: +44 333 344 8612
RSA: +27 (51) 004-0209
www.goodnewsworld.com